سوانح

حضرت مُسلِم ابنِ عوسجہ علیہ السّلام



مصنّف

زبدۃ العلماء سیّد آغا مہدی لکھنوی

Presented by www.ziaraat.com

یہ کتاب

اپنے بچوں کے لیے scan کی بیرونِ ملک مقیم ھیں

مو منین بھی اس سے استفادہ حاصل کرسکتے ھیں.

منجانب.

سبیلِ سکینہ

یونٹ نمبر ۸ لطیف آباد حیدر آباد پاکستان

Presented by www.ziaraat.com

۷۸۶

۹۲-۱۱۰

یا صاحب الزماں ادرکنی

DVD Version

لبیک یا حسینؑ

خصوصی تعاون: نذر عباس
رضوان رضوی

اسلامی کتب (اردو) DVD

ڈیجیٹل اسلامی لائبریری ۔

Knowledge for All
SABIL-E-SAKINA

یا عباس

www.ziaraat.com

SABIL-E-SAKINA
Unit#8,
Latifabad Hyderabad
Sindh, Pakistan.
www.sabeelesakina.page.tl
sabeelesakina@gmail.com

NOT FOR COMMERCIAL

Presented by www.ziaraat.com

سوانح

حضرت مسلم ابنِ عوسجہ علیہ السلام

مصنّف

زبدۃ العلماء سیّد آغا مہدی لکھنوی

ناشر

رحمت اللہ بک ایجنسی

بالمقابل بڑا امام بارگاہ، کھارادر، کراچی ۷۴۰۰۰

فون 2431577

ہدیہ: [redacted] روپے

Presented by www.ziaraat.com

فہرست

عنوان	صفحہ	عنوان	صفحہ
دیباچہ	۳	فائدہ جلیلہ	۳۲
حضرت مسلم بن عوسجہ رح	۵	آخری دیدار	۳۲
پیدائش	۵	دوست دشمن پر شہادت کا اثر	۳۴
نام اور کنیت	۵	ملک الشعراء کا منظوم تبصرہ	۳۵
والدین	۷	یتیم مسلم رح کی جنگ	۳۷
سلسلہ نسب	۷	بیوہ عورت کا جذبۂ محبت	۴۱
مصاحبت رسولؐ	۷	غم مسلم رح میں عربی شاعر	۴۲
اوصاف و خصوصیات	۷	نصرت امامؑ کا بہترین پھل	۴۲
تلاوت قرآن	۸	مرنے کے بعد پیامبری مسلم رح	۴۳
زہد و ورع	۱۰	مسلم رح کی عمر شریف	۴۳
شرف اخوت	۱۱	امام عصرؑ کو مسلم رح کی یاد	۴۴
واقعہ کربلا سے پہلے کی زندگی	۱۲	مسلم رح اور علی اکبر کی مشترکہ صفت	۴۵
شجاعت آذربائجان کی جنگ میں	۱۳	کیا مسلم رح سپاہ قتیل کے پہلے شہید ہیں	۴۶
دو آنکھوں سے کیا کیا دیکھا	۱۶	تعلیمات مسلم رح	۴۶
۶۰ھ ہجری	۱۶	وصیت میں مسلم رح کا عمل بالقرآن شہداء بدر و احد کے	۴۷
مسلم بن عقیلؑ کی حمایت	۱۷	دوش بدوش	۴۸
۶۱ھ ہجری	۱۹	باب المراثی	۵۰
شب عاشور مسلم رح کی گفتگو	۲۲		
بدکلامی شمر پر مسلم رح کا جلال	۲۵		
پہلے حملے میں مسلم رح کی بہادری	۲۷		
مسلم رح کو کب اذن جہاد ملا	۲۹		
بوڑھے مجاہد کو اذن جہاد	۲۹		
رجز مسلم بن عوسجہ رح	۳۰		
مسلم بن عوسجہ رح کی جنگ	۳۱		

Presented by www.ziaraat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دیباچہ

ہزار ہزار درود و سلام پیغمبر خداؐ اور ان کی آلِ اطہارؑ اور شہیدانِ راہِ خدا پہ

چہ گویم از سر و سامان من احوال چوں کا کل
سیہ بختم پریشان روزگارم خانہ بر دوشم

دنیا علم دوست اصحاب سے خالی ہوتی جا رہی ہے، جو ہیں بھی وہ پراگندہ خاطر آشفتہ مزاج ہیں اور روز بروز مذہب سے دور ہوتے جا رہے ہیں۔ خدا کا شکر ہے کہ اس پر آشوب زمانے میں جس مرکز پر میں کام کر رہا ہوں، تن تنہا ہوں اور اس کوچے کو اب چھوڑنا نہیں چاہتا۔

بحمدہ اس سلسلے میں دس کتابیں پیش کرنے کے بعد کربلا کے بوڑھے مجاہد حضرت **مسلم بن عوسجہؑ** کے سبق آموز حالات پر قلم اٹھاتا ہوں۔ مسلمؓ رسولؐ کے خوش بخت صحابی بھی ہیں اور ان کو کربلا میں شہادت کا شرف بھی حاصل ہے۔ آغاز و انجام دونوں مستحق تبریک ہیں۔

خدا نے چاہا تو اس سوانح حیات میں بھی شہید وفا کی قربانی اور جملہ حالات سپردِ قلم کرکے زندگی کے ہر تعلیمی پہلو پر توجہ مبذول کروں گا اور بے خبر دنیا کو معلوم ہوگا کہ مقتدر ہستیاں صرف اپنے کردار سے

Presented by www.ziaraat.com

اقوامِ عالم کے دلوں کو مسخر کر رہی ہیں۔ امید نہ تھی کہ چند در چند علمی مشاغل میں یہ اہم خدمت انجام کو پہنچے گی مگر ؎

بہر کارے کہ ہمت بستہ گردد
اگر خارے بود گلدستہ گردد

توقع ہے توفیق ایزدی شامل رہے گی اور انشاء اللہ العزیز یہ سلسلہ بہت کچھ آگے بڑھے گا۔

والسلام
فقیر باب اہل بیتؑ
آغا مہدی الرضوی
۱۵ ذی الحجہ ۱۳۶۹ھ

Presented by www.ziaraat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حضرت مسلم بن عوسجہؒ

پیدائش ۱۳ صفر ۶ھ وقت سحر مکہ[1] میں پیدا ہوئے۔ ماں باپ کو اس مولود کی جتنی بھی مسرت نہ ہو وہ کم ہے۔ کیسے خبر تھی کہ مستقبل میں یہ بچہ شہید ہو کر چاردانگ میں شہرت کا حامل ہوگا اور آج جس کی نشوونما دیار محبوب میں ہو رہی ہے وہ انجام میں کربلا کے جنگل کو بسائے گا۔ شجاعت و وفا نے بخت تابندہ کو یہ دن دکھایا کہ خادم و مخدوم کا برابر سے ساتھ نام لیا جا رہا ہے۔

نام اور کنیت اسلامی اصول کی بنا پر ماں باپ کا فرض ہوتا ہے کہ ساتویں دن بچہ کا مناسب نام اور کنیت قرار دیں۔ آغوش اسلام میں یہ پیدا ہونے والا بچہ مسلم نام سے مشہور ہوا اور کنیت ابوحجل[2] قرار پائی۔ حجل زبان عرب میں چکور کو کہتے ہیں۔ اس قسم کی کنیت عرب میں کثرت سے ہوتی ہے۔ ابوہریرہ۔ ابن طاؤس۔ ابن عصفور شہرت یافتہ افراد ہیں جو محتاج تعارف نہیں ہیں۔

والدین باپ کا نام عوسجہ تھا۔ "عوسج" عربی[3] میں ایک کانٹے دار پیڑ

---

[1] آئینہ تصوف [2] رجال مامغانی [3] مجمع البحرین

Presented by www.ziaraat.com

کو کہتے ہیں جس کے پھل عام طور سے گول ہوتے ہیں اور جس درخت میں اس قسم کے بڑے پھل ہوں اس کو غرقد کہتے ہیں۔ حضرت موسیٰؑ کا وہ شہرۂ آفاق عصا جو فرعون کے ڈرانے کے لئے اژدہا بنا ہوا تھا اسی درخت کی لکڑی کا تھا اور یہی پہلا[1] درخت ہے جو زمین پر پیدا ہوا۔

حضرت امیرالمومنین علیہ السلام کوفہ کی مسجد جامع میں خطبہ پڑھ رہے تھے اور کچھ لوگوں نے باری باری سوالات کئے ان میں ایک شامی بھی تھا اس نے کہا اخبرنی عن اول شجرۃ غرست فی الارض فقال العوسجۃ ومنہا عصیٰ موسیٰ آپ مجھے بتائیں کہ پہلا کون سا پیڑ زمین پر پیدا ہوا، فرمایا عوسجہ اور عصائے موسیٰ اسی سے تیار کیا گیا تھا۔ پیغمبر خداؐ کے معجزات میں آپ کا مضمضہ سوکھے درخت کو شاداب کرنا متواتر واقعہ ہے اور تاریخ میں ان الفاظ میں ہے سہ کرت مضمضہ نمود وبآنبات عوسجہ کہ درخت خیمہ بود برافشاند یہ لفظ پیغمبر خداؐ کی زبان مبارک پر بھی جاری ہوا ہے۔ روز قیامت[2] کے بارے میں رسولؐ محترمؐ کی پیشن گوئی ہے اس میں جناب امیرالمومنین علیہ السلام سے فرمایا ہے کہ تم بروز حشر میرے حوض کوثر سے لوگوں کو ہٹاؤ گے جس طرح پیاسے اونٹ پانی سے ہٹائے جاتے ہیں۔ تمہارے ہاتھ میں درخت عوسج کا عصا ہو گا۔

غالباً درخت کے خاردار ہونے سے یہ فائدہ اٹھایا گیا ہے کہ اسی درخت کا عصا ید اللہ کے ہاتھ میں ہو گا اور وہ بحکم ایزدی مخالف طبقے کو کوثر کے سرد و خوشگوار پانی تک آنے نہ دیں گے۔

---

[1] مجمع البحرین [2] عیون اخبار رضا [3] ارجح المطالب صفحہ ۵۰۸ و صفحہ ۸۲ بحوالہ مناقب اخطب خوارزم

Presented by www.ziaraat.com

سلسلہ نسب: مسلم بن عوسجہ بن سعد بن ثعلبہ بن دودان بن اسد بن خزیمہ اسدی سعدی۔ کئی پشتوں تک ناموں کا محفوظ رہنا خاندانی شرافت اور عزت کی دلیل ہے اور اس سے معلوم ہوتا ہے کہ شخ حیثیت کے پروانے کسی معمولی گھرانے کے افراد نہ تھے بلکہ عرب کے اعلیٰ خانوادے سے ان کا تعلق تھا۔

مصاحبت رسولؐ: شیعہ اہل قلم میں فاضل معاصر محمد طاہر سماوی اور آقائے عبداللہ مامقانی طبقات ابن سعد و واقدی کے حوالے سے ان کو رسولؐ کا صحابی تجویز کرتے ہیں اور ۶ہجری مکہ میں پیدا ہونے کا تقاضہ بھی تھا کہ پیغمبر اسلامؐ کی زیارت کا شرف حاصل ہو۔ مگر افسوس ہے کہ طبقات ابن سعد کی جلدوں میں ان کی صحابیت کا کوئی ثبوت نظر قاصر سے نہیں گزرا۔ عزالدین ابی الحسن علی بن محمد بن عبدالکریم ابن اثیر جذری نے اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ جلد چہارم میں ایک روایت عوسجہ بن مسلم کی نقل کی ہے جس کو موضوع سے کوئی تعلق نہیں لیکن مقاتل میں بیشتر اہل قلم نے ان کو صحابیِ رسولؐ مانا ہے۔

اوصاف خصوصیات: حالات زندگی کا جائزہ لینے سے واضح ہوتا ہے کہ مسلمؑ علم و عمل میں ممتاز تھے ان کے ذاتی اوصاف اور جسمانی کمالات میں پیغمبر خداؐ کی خدمت میں باریابی اور صحابیت، حضرت امیرالمومنین علیہ السلام سے اخوت، حافظ قرآن ہونا، میدان کربلا میں شجاعت و بہادری، شہادت، وہ صفتیں ہیں جو سوانح حیات میں آب زر سے لکھے جانے کے قابل ہیں۔ حاجی شیخ عبداللہ مامقانی المتوفی ۱۳۵۱ھ اپنے رجال کبیر میں لکھتے ہیں۔ "کان صحابیا ممن رای النبی وکان رجلا شجاعا لہ ذکر فی المغازی و الفتوح الاسلامیۃ ولفس

Presented by www.ziaraat.com

علی ذلک ابن سعد فی طبقاتہ وعن العسقلانی انہ کان رجلاً شریفاً سریاً عابداً قارئاً متنسکاً استشہد مع الحسین بطف کربلا اقول جلالۃ الرجل وعدالتہ وقوۃ ایمانہ وشدۃ تقواہ مما تکل الاقلام عن تحریرہا وتعجز الالسن عن تقریرہا۔“

(ماحصل مضمون) مسلمؓ رسولؐ کے صحابی اور ان لوگوں میں تھے جنھوں نے جمال نبوتؐ دیکھا تھا۔ وہ بڑے بہادر مرد تھے لڑائیوں اور اسلامی فتوحات میں ان کا نام لیا جاتا ہے۔ ابن سعد نے اپنے طبقات میں اس بات کا اقرار کیا ہے اور عسقلانی کا بیان ہے کہ وہ مرد شریف ایک گروہ کے سردار، عبادت گذار۔ حافظ قرآن اور دنیا سے کنارہ کش تھے۔ واقعہ کربلا میں امام حسینؑ کے ساتھ شہید ہوئے۔ میں کہتا ہوں کہ اس مرد کی جلالت قدر اور عدالت اور طاقت ایمان اور پرہیزگاری اس پیمانہ پر تھی کہ قلم لکھنے سے قاصر اور زبان دہرانے سے عاجز ہے۔

تلاوت قرآن: مسلم بن عوسجہؓ حافظ قرآن تھے۔ اور علم قرآن میں ان کی یہ خصوصیت تھی کہ قرآن ناطق حضرت علی ابن ابی طالبؑ کو کئی مرتبہ قرآن سنا چکے تھے۔ علامہ برغانی ان کے حال میں لکھتے ہیں۔ مسلم بن عوسجہؑ کہ از اکابر زہاد و علماء بود بروایتے چند دفعہ قرآن را نزد حضرت امیرالمومنینؑ گذرانیدہ بود (مخزن البکاء) اس کے معنی یہ ہیں کہ وہ تاویل و تنزیل کے ماہر اور علم تجوید کی پیچیدگیوں سے باخبر تھے۔

تعلیم قرآن اور آداب تلاوت ایک مستقل مبحث ہے جس پر

۱؎ تنقیح المقال صفحہ ۲۱۴ جلد سوئم چاپ نجف اشرف ۱۳۵۲ھ

Presented by www.ziaraat.com

ملوانی تبصرہ منظور نہیں ہے لیکن یہ سمجھنا بھی ضروری ہے کہ قرآن مجید کا ہر تلاوت کرنے والا ماجور و مثاب نہیں ہے بلکہ مستحق ثواب وہ ہے جو بہ نیتِ اخلاص قرآن پڑھے۔ اس مقصد کی ادائیگی میں معصومین علیہم السلام نے جو نصیحت فرمائی ہے وہ یہ ہے۔

ہشام بن سالم نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایات کی ہے کہ تلاوت قرآن کرنے والے تین (طبقے) ہیں کچھ قاری وہ ہیں جو اس لئے قرآن پڑھتے ہیں کہ بادشاہوں سے تقرب حاصل ہو اور (عوام پر) فخر کریں یہ گروہ اہل جہنم میں سے ہے۔ اور ایک گروہ وہ ہے جس نے صوری حفاظت تو کی اور معنی کو ضائع کر دیا، یہ بھی اہل دوزخ سے ہیں۔ اور ایک جماعت وہ ہے جو تلاوت قرآن چھپا کر کرتی ہے اور محکمات پر اس کا عمل ہے اور متشابہات پر ایمان لاتی ہے اور واجبات پر کاربند ہے اور حلال کو حلال اور حرام کو حرام سمجھتی ہے۔ یہ وہ گروہ ہے جس کو خدا نے فتنۂ ضلالت سے نکال لیا ہے اور یہی وہ گروہ اہل بہشت سے ہے اور جس کو چاہے گا اس کی شفاعت کرے گا۔

مسلم بن عوسجہؓ ایسے ہی قاریوں میں سے تھے جن کے پرخلوص عمل سے اجر و ثواب وابستہ ہے۔ ان کی علم بالقرآن میں یقیناً یہ بات امتیازی ہے کہ معصومؑ نے سند اعزاز عطا فرمائی اور فرزند عوسجہؓ نے ایک امام کو تلاوت پر گواہ کیا۔

جب ہم سے بلند رو تھے یہ رویہ تو ان کا تھا اب رہی ہماری حالت، اول تو ہم سے قرآن مجید پڑھا نہیں جاتا اور اگر کوئی خوش نصیب طالب علم قرآن پڑھ بھی گیا تو حروف کو مخارج سے ادا کرنے کی صلاحیت نہیں ہے۔ فن تجوید ایک مستقل علم ہے جو حاصل کئے بغیر نہیں آتا۔ اس لیے تو جہی کی تمام ذمہ داری

سہ خصال ابن بابویہ جلد ۱ صفحہ چاپ ایران

Presented by www.ziaraat.com

ماں باپ پر عائد ہوتی ہے جو اولاد کو دینی تعلیم سے بے بہرہ رکھتے ہیں اگر کسی طفل نے والدین کے حسن توجہ سے اس منزل کو طے کر لیا تو اس کا یہ بھی فریضہ ہے کہ تعلیم کے بعد کسی عالم کو قرآن سنادے۔

بعض اوقات پڑھے لکھے لوگ تلاوت میں غلطی کر جاتے ہیں اور اس لغزش کا راز بے توجہی ہوتا ہے۔ اگر لفظ لفظ پر غور کریں تو ایسا نہ ہو چند مثالیں ذیل میں دی جاتی ہیں جو غور نہ کرنے کا نتیجہ ہے اور پچاس فیصدی تلاوت کرنے والے صحیح نہیں پڑھتے۔

(۱) وَقَتَلَ دَاوُدُ جَالُوتَ پ ۲ ع ۱۷ قرآن مجید میں جہاں جہاں داود کی لفظ ہے ہمزہ کے بجائے دا ؤ استعمال ہوا ہے اور زبان زد ہمزہ ہے لہٰذا ہر مقام پر ہمزہ پڑھنا صحیح نہیں ہے۔

(۲) قُلِ ادْعُوا اللّٰہَ اَوِادْعُوا الرَّحْمٰنَ ط اَیًّا مَّا تَدْعُوا۔ پ ۱۵ ع ۱۲ بعض لوگوں کو دھوکا ہوتا ہے کہ یہ آیا ما ہے حالانکہ ایسا نہیں ہے۔

(۳) بِئْسَ الاِسْمُ الْفُسُوْقُ بَعْدَ الْاِیْمَانِ ج پ ۲۶ ع ۱۴ سین اول کو لام میں ملانا درست نہیں ہے بلکہ لام کو سین دوم میں ملانا چاہیئے۔

(۴) وَهُوَ كَلٌّ عَلٰى مَوْلَاهُ پ ۱۴ ع ۱۶ اردو داں میں پڑھنے والے کاف کو زبر کے بجائے پیش پڑھتے ہیں، جو غلط ہے۔

زہد و ورع:۔ مسلم بن عوسجہؒ کوفہ کے زاہدوں میں نامور سمجھے جاتے تھے علامہ مجلسی علیہ الرحمہ ان کے حالات میں تحریر فرماتے ہیں "مسلم بن عوسجہؒ کہ از اکابر زہاد و علماء و بزرگان اصحاب سید الشہدا بود"، (جلاء العیون فارسی

اس مختصر تعریف کا وزن اس وقت معلوم ہوتا ہے جب زہد کے معانی ملحوظ خاطر ہوں۔ زہد کے معنی[1] لغت میں کسی شئے کی طرف رغبت نہ ہونے یعنے میلان نہ کرنے کے ہیں۔ اور اصطلاح میں لذائذِ دنیا کے دشمن رکھنے والوں کو زاہد کہتے ہیں اور بعضے کہتے ہیں کہ زاہد اس کو کہتے ہیں جو آخرت کی حصولیابی کے لئے راحت دنیا کو خیر باد کہے۔

اور امام زین العابدین علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ زہد کے دس درجے ہیں جو زہد کا اعلیٰ درجہ ہے وہ ورع کا ادنیٰ درجہ ہوتا ہے اور جو ورع کا اعلیٰ درجہ ہے وہ یقین کا سب سے پست درجہ ہے اور یقین کا سب سے بڑا درجہ منزل رضا کا ادنیٰ درجہ ہے۔

شرف اخوت:۔ فاضل برغانی حضرت مسلم بن عوسجہؒ کی قربانی کے سلسلے میں حسب ذیل الفاظ میں ان کا تعارف کراتے ہیں

حضرت امیر المومنینؑ او را برادر خواندہ بود واز شجاعان مشہور بود (مخزن البکا)۔ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یومِ مواخات اپنے عمل سے بتایا کہ ایک مسلمان صرف اسی کو بھائی قرار دے سکتا ہے جو اس کے کردار اور مذہبی زندگی میں شریک ہو مثلاً ابوذرؓ و سلمانؓ میں اخوت۔ یہ معلوم ہے کہ سلمانؓ ایمان کے دسویں درجہ پر فائز تھے اور ابوذرؓ میں یہ کمالات نہ تھے۔ مگر جس طرح ابوذرؓ و سلمانؓ میں وابستگی تھی اسی مجاز کی جھلک امیر المومنین علیہ السلام کے عہد میں نظر آئی اور آپ نے مسلم کو بھائی کہا یہ حسن التفات فرزند عوسجہؒ کے لئے ایک افتخار تھا جو کسی کو حاصل نہ ہوا اور اس سے علو اخلاق اور کسر نفس ابوترابؑ پر بھی دلیل قائم ہوتی ہے کہ جس سے صرف رسول عربیؐ نے بھائی چارہ کیا اور مسلمانوں میں کوئی اس کا شریک اور سہیم قرار نہ پایا وہ اخلاق کو اتنی

---

[1] ریاض السالکین شرح صحیفۂ سجادیہ از علی صدر الدین مدنی طبع ایران

Presented by www.ziaraat.com

وسعت دیتا ہے کہ مسلم بن عوسجہؒ کو بھائی بنایا۔

یہ تہذیب نفس ہے کہ جو زیور کمال سے آراستہ ہو اس کو بھائی سمجھو عرب میں آج تک ایک برابر والا اپنے ہم عمر کو "اخی" کہہ کر پکارتا ہے۔ اور ایک محل تو حضرت امیرالمومنین علیہ السلام کی سوانح عمری میں ایسا ہے کہ آپ نے یہودی کو بھائی کہا یہ وہ وقت ہے کہ جب علمائے یہود میں سے ایک عالم آیا ہے اور اس نے عرض کیا۔

لہ ان اللّٰہ عزوجل یمتحن الاوصیاء فی حیاۃ الانبیاء ویمتحنہم بعد وفاتہم فاخبرنی کم امتحنک اللّٰہ فی حیاۃ محمد من مرۃ وکم امتحنک بعد وفاتہ من مرۃ۔"

خدائے برتر انبیاء کی زندگی میں ان کے اوصیا کا امتحان لیتا ہے اور نبی کے بعد بھی یہ حضرات منزل امتحان پر آتے ہیں پس مجھے خبر دیجیے کہ پیغمبر اسلامؐ کی زندگی میں آپ کے کتنے امتحان ہوئے اور ان کی وفات کے بعد کتنے امتحان ہوئے۔ اس سوال کے بعد جو آپ نے سات امتحان عہد رسولؐ کے اور سات امتحان بعد وفات رسولؐ کے بیان کیے تو ہر امتحان کی ترجمانی میں "یا اخا الیہود" اے بھائی یہودی کہہ کر خطاب کیا اور غیر مسلم کو چودہ مرتبہ بھائی کہنے کا یہ اثر ہوا کہ وہ صدق دل سے ایمان لایا اس حدیث طویل کا نظم میں فارسی ترجمہ جناب مفتی میر عباس صاحب قبلہؒ نے فرمایا۔ اور نثر میں اردو ترجمہ والد علام طاب ثراہ نے کیا جو جناب مرحوم کے قلمی تالیفات میں غیر مطبوعہ موجود ہے۔

لہ خصال ابن بابویہ ج دوم

Presented by www.ziaraat.com

اسلامی اخوت کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ بروز قیامت شفاعت کے طرفین کو حقوق حاصل ہو جاتیں، ہم کو آپس میں صیغۂ اخوت جاری کرنا چاہیئے اور اپنی حیات ثانوی کو سدھارنے کی فکر سے غفلت نہ ہو۔

۱۸ ذی الحجہ[1] کے اعمال میں سنت ہے کہ ایک مومن دوسرے مومن کے داہنے ہاتھ پر دست راست رکھ کر کہے۔

آخَیْتُکَ فِی اللّٰہِ وَصَافَیْتُکَ فِی اللّٰہِ وَصَافَحْتُکَ فِی اللّٰہِ وَعَاھَدْتُ اللّٰہَ وَمَلٰئِکَتَہٗ وَکُتُبَہٗ وَرُسُلَہٗ وَاَنْبِیَائَہٗ وَالْاَئِمَّۃَ الْمَعْصُوْمِیْنَ عَلٰی اَنِّیْ اِنْ کُنْتُ مِنْ اَھْلِ الْجَنَّۃِ وَالشَّفَاعَۃِ وَاُذِنَ لِیْ بِاَنْ اَدْخُلَ الْجَنَّۃَ لَا اَدْخُلُھَا اِلَّا وَاَنْتَ مَعِیْ۔

برادر مومن جواب میں کہے:- قَبِلْتُ وَاَسْقَطْتُ عَنْکَ جَمِیْعَ حُقُوْقِ الْاُخُوَّۃِ مَا خَلَا الشَّفَاعَۃَ وَالدُّعَاءَ وَالزِّیَارَۃَ۔

واقعۂ کربلا سے پہلے مسلم بن عوسجہ رض کی زندگی:- گذشتہ بیانات پر نظر کرنے سے واضح ہوتا ہے کہ آپ کی زندگی ۶۱ ہجری سے پہلے عبادت خدا، خدمت خلق، تعلیم قرآن میں صرف ہوئی اور اگر حکومت باطل کے حربی اقدام میں اسلام کی کمزوری محسوس ہوئی تو اسلامی فوج کے سپاہی بن کر جان کی قربانی میں بھی عذر نہ ہوا یہ ہے اسلامی اتحاد اور مسلم یکجہتی کہ اختلاف عقائد کے باوجود ہماری جب ضرورت پڑے نصرت دین پر تیار ہیں۔

آذربائیجان کی جنگ میں مسلم بن عوسجہ رض کی شجاعت:- نقشہ[2] دیکھنے سے آذربائجان کا پتہ اس طرح لگے گا کہ شہر تبریز کو اس کا صدر مقام سمجھنا چاہیئے

---

[1] مفاتیح الجنان ص۲۲۰ چھاپ نجف اشرف [2] حاشیہ القارون ص۱۱۲ مطبوعہ دہلی ۱۹۳۲ء

Presented by www.ziaraat.com

اردبیل بھی اسی صوبہ میں ہے۔ آذر بائیجان کی وجہ تسمیہ میں دو روایتیں ہیں۔ ایک یہ کہ موبد آذر آباد نے ایک آتش کدہ بنایا تھا جسکا نام آذر آبادگان تھا اور دوسری روایت یہ ہے کہ لغت پہلوی میں آذر کے معنی آتش کے ہیں اور بائگان کے معنی ہیں محافظ یعنے نگاہدارندہ آتش، چونکہ اس صوبے میں آتشکدوں کی کثرت تھی اس وجہ سے یہ نام ہو گیا جس کو عربوں نے اپنی زبان میں آذر بائیجان کر لیا۔

حضرت عمر کی خلافت میں جو فتوحات ہوئے اس میں زیادہ تر بنی ہاشم اور دوستداران اہل بیت کا ہاتھ تھا۔ مصر کی جنگ میں حضرت مسلمؑ بن عقیلؑ[۲] اور ان کے بھائیوں کی بے پناہ جنگ تاریخ کے صفحہ سے محو نہیں ہو سکتی مگر شمس العلماء شبلی نعمانی کے قلم سے اس کا اظہار کیوں ہونے لگا۔ وہ تمام کامیابی حضرت عمر کے عقل و دماغ کا نتیجہ بتلاتے ہیں۔ اگر سیاست عمری کچھ بھی وزن رکھتی تو پیغمبر خدا کو بدر و حنین میں ان کی جنگی خدمات سے فائدہ پہنچتا۔

حضرت عمر کی پیرانہ سالی سے پہلے کا ذکر ہے اس وقت نسبتاً عقل و دانش میں شباب تھا مگر احد و خیبر میں جو انجام ہوا وہ دنیا جانتی ہے۔ اس آغاز سے جس پر قرآن حکیم بھی گواہ ہے اس انجام پر بہت کچھ نقد و تبصرہ ہوتا ہے اور بڑی آسانی سے نتیجہ نکلتا ہے کہ اس پردہ میں کوئی اور تھا۔

حضرت شبلی نعمانی نے خود تسلیم کیا ہے کہ آذر بائیجان کی جنگ میں جو سنہ ۲۲ ہجری مطابق سنہ ۶۴۳ عیسوی میں ہوئی لشکر اسلام کا علم حذیفہ بن یمانؓ

۲ـ فتوحات بہنسا مولفہ شیخ محمد بن محمد معز مصری ص ۶۴ چاپ بمبئی سنہ ۱۲۸۷ ہجری

Presented by www.ziaraat.com

کے ہاتھ میں تھا یہ وہی حذیفہؓ ہیں جن کو حضرت سرور کائنات صلعم نے منافقوں کے نام بتا دیئے تھے اور رسولؐ کے راز دار سمجھے جاتے تھے، اور یہ مسلمہ حقیقت ہے کہ فوج کی کامیابی علمدار کی فراست پر موقوف ہوتی ہے، حذیفہؓ کی علمداری کا حال یہ ہے۔

وہ نہاوند سے چل کے اردبیل پہنچے یہاں کے رئیس نے ایک انبوہ کثیر جمع کر کے مقابلہ کیا اور شکست کھائی پھر آٹھ لاکھ سالانہ پر صلح ہوئی۔ حذیفہؓ نے پھر اس کے بعد موقان اور جیلان پر حملہ کیا اور فتح کے پھریرے اڑائے اس اثنا میں دربار خلافت سے حذیفہؓ کی معزولی کا فرمان پہنچا۔ (الفاروق ص۱۱۲)

ابھی تک مؤلف کی خیانت کا شکوہ تھا کہ وہ اس جنگ کے لڑنے والوں میں مسلم بن عوسجہؒ کا نام کیوں لکھنے لگے۔ اب ان کے ممدوح حضرت عمر کے طرز عمل کو ارباب دماغ کے سامنے لانا ہے کہ جو سپہ سالار فوج کامیاب ہو اس کی معزولی کے کیا معنی؟ حذیفہؓ کو عہدے سے ہٹانے کا صاف منشا یہ ہے کہ جنگ میں خود غرضانہ پہلو تھے اور اس سرکار سے کام کرنے والوں کی ہمت افزائی کبھی نہیں ہوئی اور حکومت کا معیار عدل و انصاف پر نہ تھا تمام دول متحاربہ کا قاعدہ ہے کہ کامیاب ہونے والے افسران فوج کو انعام ملتے ہیں۔ مگر یہاں انصاف کا خون ہوتا ہے ابو جعفر طبری جو مسلمانوں کا مورخ اعظم ہے۔ اس نے تاریخ میں قاتلان حسینؑ کی زبان سے ثابت کیا ہے کہ اس جنگ میں مسلم بن عوسجہؒ نے مشرکین کو قتل کیا اور اپنی شہر یار تلوار کا شجاعان فارس کو لوہا منوادیا اس اجمال کی تفصیل کا آئندہ انتظار کرو۔

سلہ تاریخ الامم والملوک جلد ۶ ص۲۴۵

Presented by www.ziaraat.com

بقول مؤلف شہدائے کربلا ایک مکمل طاقت ور جوان ہونے کے اعتبار سے اگر ان کی عمر اس وقت بیس برس بھی مانی جائے تو واقعہ کربلا میں ان کی عمر ساٹھ سال قرار پاتی ہے۔ اور اس لیے ان کا شمار کربلا کے سن رسیدہ اور ضعیف العمر اشخاص میں ہے۔

دو آنکھوں سے کیا کیا دیکھا:۔ عہد رسولؐ میں ولادت ہوئی، مرسلؐ کا زمانہ دیکھا۔ فاطمہ زہرا علیہا السلام نے جس ظلم نواز حکومت میں رحلت فرمائی اس عہد کا ادراک کیا، دورِ اوّل سے گذر کر خلافت ثانی میں نیک نام عمر بسر کی، خلافت کا تیسرا زمانہ دیکھا۔ امیر المومنین علیہ السلام کی معصومانہ زندگی کو اول سے آخر تک دیکھتے رہے صفین و جمل میں شرکت کا کچھ علم نہیں۔ تاریخ خاموش ہے، یہاں تک کہ خلافت بلا فصل ختم ہوئی۔ امام حسنؑ کا صلح پسند اور صبر نواز عہد شروع ہوا اور ختم ہوا۔ امامت حضرت ابی عبداللہ الحسین علیہ السلام کی طرف منتقل ہوئی، حاکم شام معاویہ کی موت اسی عہد کرامت مہد میں واقع ہوئی۔

سنہ ۶۰ ہجری

ہلاکت معاویہ کے بعد آخر رجب میں یزید تخت نشین ہوا، اور اس ظالم کی طرف سے آقائے کونین امام حسینؑ سے سخن ناشکور شروع ہوئی۔ اہل کوفہ محبت کے پردے میں عداوت پر تل گئے اور لاتعداد خط دعوت نامے بھیج کر چاہا کہ وہ کوفے میں آجائیں لیکن حسینی سیاست میں سر مو فرق نہ ہوا۔ اور آپ نے اپنے تشریف لے جانے کے بجائے اپنے چچازاد بھائی مسلم بن عقیلؑ کو خصوصی نائب بنا کر کوفہ بھیجا۔

Presented by www.ziaraat.com

حضرت مسلم بن عقیلؑ کی حمایت مؤلف شہید لئے کربلا رقم طراز ہیں

اس موقع پر جب جناب مسلمؑ بن عقیلؑ کوفے میں وارد ہوئے ہیں اور حضرت سید الشہداؑ کی بیعت اہل کوفہ سے لینا شروع کی ہے تو مسلم بن عوسجہؒ نے اس خدمت میں نمایاں حصہ لیا اور وہ جناب مسلم بن عقیلؑ کے نمائندہ خاص اور معتمد ہونے کی حیثیت سے لوگوں کو اس مقصد کے ساتھ متحد کرتے اور امام حسینؑ کی بیعت لیتے تھے۔ چنانچہ ابن زیاد لعین نے کوفے میں آنے کے بعد جب لوگوں کو جناب مسلمؑ کی طرف سے برگشتہ کیا نا شروع کیا اور مسلمؑ مختار بن ابی عبیدہؒ کے گھر سے رازداری کے ساتھ ہانی بن عروہؒ کے مکان میں منتقل ہو گئے اور ابن زیاد لعین نے حضرت مسلمؑ کی سراغ رسانی کے لئے اپنے غلام معقل لعین کو تین ہزار درہم دے کر مقرر کیا کہ وہ مکر و فریب کے ساتھ مسلمؑ کا پتہ چلائے اور معقل لعین اس فکر میں مسجد جامع میں آیا تو اسے معلوم ہوا کہ مسلم بن عوسجہؒ اسدی جو اس وقت اسی مسجد میں نماز پڑھ رہے تھے، مسلم بن عقیلؑ کے نمائندہ خاص ہیں اور ان کی طرف سے حسین ابن علیؑ کی بیعت لیتے ہیں۔ یہ معلوم کر کے وہ مسلم بن عوسجہؒ کے پاس آیا۔ اور بیٹھ گیا۔ جب مسلمؑ نماز سے فارغ ہوئے تو اس نے کہا کہ میں شام کا رہنے والا ذوالکلاع کا غلام ہوں اور خدا کے فضل سے اس خاندان اہل بیتؑ کے ساتھ محبت رکھتا ہوں۔ مجھے معلوم ہوا ہے کہ اس خاندان میں سے کوئی بزرگ آج کل کوفے میں آئے ہوئے ہیں اور لوگوں سے رسول خداؐ کے نواسے کی بیعت لے رہے ہیں مجھے تمنا پیدا ہوئی کہ میں ان کی خدمت میں حاضر ہوں اور یہ تین ہزار درہم جو میرے پاس ہیں میں ان کی خدمت میں نذر کروں۔ مگر اب تک کوئی شخص نہ ملا جو مجھے ان کی خدمت میں

Presented by www.ziaraat.com

پہنچاتے یا ان کا پتہ بتائے۔ ابھی ابھی میں اس مسجد میں بیٹھا ہوا تھا کہ میں نے کچھ مسلمانوں کو یہ کہتے سنا آپ کے متعلق کہ انہیں اس خاندان کے لوگوں سے واقفیت حاصل ہے۔ اب میں آپ کے پاس آیا ہوں کہ آپ یہ روپیہ مجھ سے لے لیجیے اور مجھے ان بزرگ کی خدمت میں لے چلیے کہ میں ان سے بیعت کروں اور اگر آپ چاہیں تو ان کے پاس جانے سے پہلے یہیں مجھ سے بیعت لے لیجیے۔

یہ مکارانہ تقریر تھی، جس کو صاف دل اور نیک نیت مسلم بن عوسجہ رح نے حقیقت پر محمول سمجھا اور جواب دیا۔

"مجھے تمہاری ملاقات سے بہت خوشی ہوئی اور مسرت حاصل ہوئی، اس بات پر کہ تم اپنی خواہش میں کامیاب ہو اور تمہارے ذریعے سے اہلِ بیت رسول ص کو کچھ تقویت حاصل ہو بے شک مجھے اس بات کا افسوس ہے کہ میری کارگذاریاں اس معاملہ میں اس کے نشو ونما پانے کے پہلے ہی تمہارے کانوں تک پہنچیں جس سے اندیشہ ہوتا ہے کہ کہیں ظالم ابن زیاد کو بھی اس کی اطلاع نہ ہو جائے۔ بہر حال کافی اطمینان اور عہد و پیمان اور راز داری کے وعدوں کے ساتھ مسلم ابن عوسجہ رح نے اقرار کیا کہ میں چند روز میں تمہارے لئے مسلم بن عقیل ع سے اجازت حاصل کر لوں گا۔ چنانچہ معقل لعنہ اس کے بعد چند روز تک برابر آتا جاتا رہا یہاں تک کہ مسلم بن عوسجہ رح کے ساتھ جناب مسلم ع کے پاس پہنچا۔ اور آخر اسی کی خبر رسانی سے ہانی بن عروہ رح کے گھر میں مسلم بن عقیل ع کے فروکش ہونے کی اطلاع ابن زیاد لعنہ کو پہنچ گئی۔ جب ہانی بن عروہ رح گرفتار ہو گئے اور مسلم عقیل ع جنگ پر آمادہ ہوئے اور آپ نے اپنے اعوان و انصار کے لشکر کو فراہم کیا تو اس وقت بھی مسلم بن عوسجہ رح جناب

Presented by www.ziaraat.com

مسلمؑ کے ساتھ تھے، اور جب فوج کی تربیت ہونے لگی تو قبیلہ مذحج اور اسد کی سپہ سالاری مسلم بن عوسجہ ؒ ہی کے متعلق ہوئی اور پیادوں کے سردار بھی قرار دیے گئے۔ بس اس کے بعد تاریخیں خاموش ہیں نہیں کہا جاسکتا کہ مسلم بن عقیلؑ کی شہادت کے موقع پر مسلم ابن عوسجہؒ کہاں تھے۔ جب مسلم بن عقیلؑ کے ساتھ والی قلیل فوج نے ابن زیاد لعنہ کے منظم شاہی سامان جنگ کے مقابلہ میں شکست کھائی تو مسلم بن عوسجہؒ وغیرہ چند دیگر اشخاص نے یہ پورا اندازہ کر لیا کہ اب حضرت مسلمؑ کی جان کی حفاظت غیر ممکن ہے اس لیے اب سوال صرف اپنی جان کا ہے کہ اسے بھی قربان کر دیا جائے۔ لیکن جبکہ یہ معلوم ہے کہ فرزند رسولؐ امام حسینؑ کوفہ کی جانب متوجہ ہیں تو یہ جان ان کے ساتھ ان کے کام کیوں نہ آئے۔ اور اس وقت ممکن ہے ہماری خدمات کچھ کارآمد ثابت ہو سکیں۔ اس خیال سے ان لوگوں نے پھر مسلم بن عقیلؑ کے ساتھ اپنی جانوں کو وابستہ نہیں رکھا اور وہ اپنے اپنے گھروں اور اپنے قبیلوں میں مخفی ہو گئے۔ اور جب یہ معلوم ہوا کہ امام حسینؑ عراق کے حدود میں آگئے تو یہ کسی طرح نکل کر امام حسینؑ کے پاس پہنچے بہت ممکن ہے کہ مسلم بن عقیلؑ سے ان کی علیحدگی خود حضرت مسلمؑ کے ایماء و اشارے یا کم از کم اجازت سے ہو ورنہ اگر کسی طرح کی بھی بے وفائی اور حضرت مسلمؑ کی امداد میں کوتاہی کا دھبہ ان کے دامن پر ہوتا تو کم از کم حضرت سید الشہداءؑ سے کسی طرح کی معذرت اور آپ کا قبول عذر یا عتاب و تنبیہ تاریخوں کے اندر موجود ملتا۔ انتہیٰ۔

سنہ ۶۱ ہجری

تمامی مسلمانوں کو گذشتہ سنہ کے گذشتہ چھ ماہ یزیدیت کی تاسیس

Presented by www.ziaraat.com

میں گذرے اور رفتہ رفتہ اموی طاقت نے کوفے کو بھی اپنا کرلیا۔ حضرت مسلمؑ کی شہادت اسی فروغ کا نتیجہ تھی اس پرآشوب زمانے میں نہیں کہا جاسکتا کہ مسلم بن عوسجہؓ امام حسینؑ کے پاس آکر کہاں اور کب ملحق ہوئے۔ ملا حسن یزدی نے لکھا ہے کہ حبیبؓ اور مسلم بن عوسجہؓ ساتھ ساتھ کوفہ سے روانہ ہوکر اس وقت پہنچے۔

وقتے رسیدند کہ لشکر اعدا مثل سیل سیاہ یک طرف صف زدہ وامام مظلوم با لشکر خود در بیرون خیمہا ایستادہ بر دند این دو نفر آمدند و پیادہ شدند و سلام کردند در رکاب حضرت را بوسیدند۔ (انوار الشہادۃ ص۶۳)

اس عبارت میں یہ صراحت نہیں ہے کہ وہ عشرہ کے دن پہنچے۔ محاصرہ ۹ محرم سے ہوچکا تھا اگر اس تحریر کے معنی یہ قرار دیئے جائیں کہ کربلا میں دہم محرم ان کے قیام کا پہلا دن تھا تو صحیح نہیں ہے۔ شب عاشور ان کی موجودگی اور اظہار عقیدت موجود ہے۔ ممکن ہے کہ وہ ملاقات حُرؓ سے پہلے یا بعد پہنچ چکے ہوں۔ اس لئے کہ فرزند رسولؐ سے دنیا کا ساتھ چھوڑنا ان کے علم میں تھا۔ حبیب بن مظاہرؓ کو حسینیت کی طرف دعوت دینے میں وہ ایک محرک تھے۔ خضاب کی روایت سے معلوم ہوچکا ہے کہ کوفہ کا ماحول مسلم بن عوسجہؓ کے سامنے تھا۔ اور وہ اپنی قربانی کی تیاریاں کررہے تھے۔ ان کے عزائم کی پختگی کا اندازہ اس سے ہوتا ہے کہ اس پرآشوب دور میں وہ کوفے سے تنہا نہیں نکلے بلکہ اپنی کنیز اور فرزند کو بھی ساتھ لے کر چلے۔ ہر طرف کی ناکہ بندی۔

عہ مولف یہاں تک لکھ کر دو سال شدید امراض میں مبتلا رہے فضل ایزدی سے صحت ہوئی اور یہاں سے دوبارہ قلم اٹھایا۔ منہ

Presented by www.ziaraat.com

قدم قدم پر پہرہ، عبیداللہ ابن زیاد لعین کے سخت ترین قوانین کے نفاذ میں ان کو کوئی روک نہ سکا اور تھے اپنی اصل کی طرف پلٹی۔ بقیہ طینت کے جذبے نے شیعیت کو حبینیت پر نثار کرنے کے لئے آگے بڑھایا۔ لیکن اس اقدام میں وہ فراست اور جانبازی مضمر تھی جو قربانی میں عزت اور خصوصیت پیدا کرتی ہے۔ حبیب بن مظاہر رح یا زہیر بن قین رح اپنی رفیق زندگی کو چھوڑ کر دشت نینوا میں آئے۔ وہ اگر اس لئے مستحق ستائش ہیں کہ امام ع کی محبت میں اولاد و ازواج کو چھوڑ کر شہید ہوئے اور صحابیت کا ثبوت دیا[1] تو مسلم بن عوسجہ رح اپنی شریک حیات بی بی اور بچے کو ہمراہ لاکر اس لئے قابل مدح قرار پاتے ہیں کہ وہ راہ کے قید و بند کو فہ سے مع عیال نکل کر سے اور زوجہ حبیب رح اور زوجہ مسلم رح میں بھی یہ فرق نظر آتا ہے کہ حبیب رح کی بی بی نے شوہر سے کہا تھا کہ تم کو خدا کی قسم جب امام کے روبرو پہنچنا تو میری طرف سے دست بوسی کرنا اور قدم چومنا اور میرا اسلام پہنچانا۔ (سوانح حبیب ص ۲۰) لیکن معلوم ہوتا ہے کہ زوجہ مسلم رح کی عقیدت اس حد پر پہنچ چکی تھی کہ انہوں نے شوہر کو تنہا جانے ہی نہ دیا۔ اور اسیری کا شوق ان کو کوفے سے کربلا تک لایا ورنہ مسلم رح ایسے تجربہ کار سن رسیدہ مجاہد کو کوئی وجہ نہ تھی کہ ایسی سخت منزل پر عورت اور بچے کو ساتھ لیتے۔ واقعہ کربلا کی پیشین گوئی زبان رسالت ص سے ہو چکی تھی۔ عہد علی ع و فاطمہ ع میں اسیری کے تذکرے گزر چکے تھے۔ اگر مرد کا یہ فریضہ تھا کہ وہ امامت پر آنچ آنے کے وقت اپنی جان قربان کر دے تو

---

[1] صحیفہ کاملہ میں اصحاب رسول ص کی یہ صفتیں بیان ہوئی ہیں و فارقوا الازواج والاولاد فی اظہار کلمتہ، ص ۱۸ طبع بمبئی شعبان ۱۲۶۵ھ

Presented by www.ziaraat.com

عورتوں کا بھی یہ عزم تھا کہ ہم اہل حرم کے شریک غم ہوں اور اگر ان کے بازوؤں میں رسن ہو تو ہم بھی قید ہوں۔ خصوصاً جبکہ مسلم رح کی بی بی کو منعم حقیقی نے اولاد کی نعمت بھی عطا فرمائی تھی ان کے لئے مخصوص شرف و عزت تھی کہ وہ بیوہ ہوں۔ اسیر ہوں، اولاد فدا کریں۔ آل محمدؐ میں بے نام و نشاں ہو جانا وہ عرفانی خصوصیت ہے جو انصار امام کو حاصل تھی۔

شب عاشور مسلم بن عوسجہ رح کی گفتگو

فرزند فاطمہؑ نے اپنی زندگی کی آخری رات جس صبر و سکون سے گذاری اس کا اندازہ وہی انسان کر سکتے ہیں جو معرفت کے جادے پر ہیں۔ عام لوگ تو یہ سمجھتے رہے ہیں کہ دشمن سے ایک شب کی مہلت طلب کی جا رہی ہے لیکن حقیقت یہ تھی کہ آپ گروہ مخالف کو خود ایک رات کی مہلت دے رہے تھے کہ اگر تم نے مجھ کو نہیں پہچانا ہے تو اب بھی پہچان لو اور توبہ و انابت کی منزل پر آؤ، خوش بختی سے یہ رات شب جمعہ تھی اور ان برکت آفریں لمحات میں یہ خانوادہ ہمیشہ اپنے راحت و آرام کو خیر باد کہہ کر عبادت الٰہی میں مشغول رہتا ہے۔ کوئی وجہ نہ تھی کہ اس سے فائدہ نہ اٹھایا جاتا۔ جمعہ اور شب جمعہ میں خیر و شر کا ثواب[1] و عقاب دوگنا ہونا آئین اسلام میں طے شدہ مسئلہ ہے لہٰذا اس رات کی عبادت میں جو لطف تھا اس کو وہی سمجھ سکتے تھے جو اپنی غرض خلقت کو پورا کرنے کے لئے دنیا میں آئے تھے۔ اور ان کے مختار

---

[1] ان الخیر والشر یضاعفان یوم الجمعۃ (البلد الامین والدرع الحصین ص ۳۳ مخطوطات کتب خانہ ممتاز العلماء)

Presented by www.ziaraat.com

کا کیا کہنا اپنا شوق شہادت زیادہ کیا مجاہدین کے اجر و ثواب کو بڑھایا دشمن
کی سزا کو سنگین کیا اور رات ختم ہوتے ہوتے تمام نہاد مسلمانوں کی ذہنیت
کا جائزہ بھی لیا کہ دنیا دیکھ لے کہ وہ جس پیغمبر کا کلمہ پڑھتے ہیں ٹھیک جمعہ کے
دن اس کی آل کو کس طرح بے آب و دانہ ذبح کرتے ہیں۔

اس رات کی یہ عبادت وداعی عبادت تھی۔ اور جب کہ ہمارے
سامنے حضرت امیرالمومنین علیہ السلام کا علم افروز ارشاد تیرہ سو برس
سے زیادہ زمانہ گذرنے کے بعد موجود ہے کہ آپؑ نے فرمایا تھا "جب تم
نماز کے لیے کھڑے ہونا[1] تو تم کو چاہیئے کہ وداعی نماز پڑھو" حضور قلب اس
پیمانے پر ہو کہ یہ سمجھو یہی نماز ہماری آخری نماز ہے۔ اب حیات مستعار
دوسری نماز پڑھنے کا موقع نہ دے گی۔ فرشتۂ موت کا کمین گاہ میں ہے۔
کربلا والوں کو یقین تھا کہ ہم پر اب دوسری رات زندگی میں نہ آئے گی۔
شب ہجرت پیغمبر خداؐ کی جان بچانے میں بستر پر سونے کی ضرورت تھی
اور شب عاشور فرزند رسولؐ کی نصرت میں ہر مجاہد کو شب بیداری کی
ضرورت ہے کہ وہ جاگ کر صبح کر دے اور یزیدی لشکر کے شب خون سے
بنی فاطمہ کو بچائے لہٰذا یہ مقدس ترین نفوس کبھی نمازیں۔ کبھی دعائیں۔
کبھی تلاوت ہیں، کبھی حرم رسولؐ کے تدابیر تحفظ ہیں۔ کبھی حال و استقبال
کی مصیبتوں پر آنسو بہانے میں مشغول ہیں اور ان کو کمیل بن زیادؓ کی دعا
کا یہ فقرہ یاد ہونا چاہیئے:۔ ارحم من راس ماله الرجاء وسلاحه البکاء

---

[1] اذا قام احدکم الی الصلوٰۃ فلیصل صلوٰۃ مودع (غرر الحکم۔
و درر الکلم ص ۱۶۳ چاپ بمبئی)

Presented by www.ziaraat.com

(پالنے والے اس پر رحم کر۔ جس کی ساری پونجی تجھ سے لو لگانا اور جس کے ہتھیار (آلات حرب) گریہ و بکا ہیں جو دشمن سے بچائے ہوئے ہیں ورنہ یہ نمازی سجادوں پر محو عبادت رہتے اور فوج شام کی طرف سے قتل عام شروع ہوتا۔ تکبیر و تہلیل کی صداؤں نے خیموں کو ایک مستحکم قلعہ بنا دیا تھا جس کو دشمن اپنی اکثریت کے باوجود نظر اٹھا کر نہیں دیکھ سکتا تھا۔ قریب آنا تو درکنار۔ اسد اللہ کا شیر عباسؑ پورے لشکر کی جانوں کا نگران تھا۔

جس کا بہن کے خیمے کے گرد پھرنا بھی حج کے ہر رکن سے بہتر تھا ان گوناگوں مصروفیتوں میں امامؑ ابن امامؑ کو اپنی مختصر فوج کے سامنے خطبہ پڑھنے کی ضرورت محسوس ہوئی اور لفس انسانی کی لاج رکھتے ہوئے تمام ساتھیوں کو بیعت کی پابندی سے آزاد کرنا چاہا اور عام اعلان کیا کہ تم مجھ کو چھوڑ کر چلے جاؤ اور مجھے اکیلا رہنے دو۔ اس لئے کہ ان (بدبختوں) کو مجھ سے کام ہے، اس کے جواب میں بنی ہاشم کے بعد سب سے پہلے مسلم بن عوسجہؒ کھڑے ہوئے اور شجاعت و وفا میں ڈوبی ہوئی لفظیں جو کہیں وہ صفحہ تاریخ پر اب تک باقی ہیں۔

النحن نخلّی عنک ولما نعذر الی اللّٰہ فی اداء حقک اما واللّٰہ حتی اکسر فی صدورھم رمحی واضربھم بسیفی ماثبت قائمہ فی یدی ولا افارقک ولو لم یکن معی سلاح اقاتلھم بہ لقذفتھم بالحجارۃ دونک حتی اموت معک۔

ہم کیا آپ کو چھوڑ کر چلے جائیں بغیر اس کے کہ بارگاہِ خدا جواب دہی کا سامان کر سکیں آپ کے حق کی ادائیگی میں، خدا کی قسم یہ تو نہیں ہو سکتا یہاں تک کہ میں فوجِ دشمن کے سینوں میں اپنے نیزے کو توڑ دوں اور

Presented by www.ziaraat.com

ان کو میں صرف شمشیر سے قتل کرتا رہوں۔ جب تک کہ قبضہ تیغ میرے ہاتھ میں رہے اور میں آپ کو کبھی نہ چھوڑوں اور اگر میرے ساتھ آلات حرب نہ رہیں جن سے لڑوں تو میں انہیں پتھر پھینک کر مجروح کروں گا۔ یہاں تک کہ آپ کے ساتھ مر جاؤں۔

فاضل زنگی پوری اعلیٰ اللہ مقامہٗ نے اپنی کتاب میں اس جواب میں یہ اضافہ کیا ہے۔

قسم بہ خدا ہم آپ کو نہ چھوڑیں گے یہاں تک کہ پروردگار ہمارا امتحان لے کہ ہم نے رسول اللہؐ کے نہ ہونے کے وقت میں آپ کی کیسی حمایت و حفاظت کی۔ آپ جانیں کہ قسم بہ خدا اگر ہمیں یہ معلوم ہو کہ ایک مرتبہ قتل ہوں گے پھر زندہ کئے جائیں گے پھر جلائے جائیں گے پھر ہماری خاک ہوا میں اڑا دی جائے گی اور اسی طرح ستر مرتبہ ہو گا تب بھی تو آپ سے جدا نہ ہوں گے یہاں تک کہ آپ کے سامنے موت آئے۔ پھر کیونکر نہ ہم آپ کی حمایت میں جان دیں حالانکہ یہ ایک مرتبہ کا قتل ہوتا ہے۔ اور بعد اس کے وہ کرامت اور بزرگی ملے گی جس کی کبھی انتہا نہ ہو گی۔ (رشید السلام ص ۲۲۶ طبع لکھنؤ ۱۳۲۳ھ)

شمر لعین کی سخت کلامی پر مسلم بن عوسجہؓ کا جلال

واقعہ کربلا میں تیر و تلوار نیزہ و خنجر، چوب و خشت کے ساتھ ساتھ بے گناہوں پر زخم زبان سے بھی حملہ ہوتا تھا۔ اور بے ادب دشمن ایسے ناگفتہ بہ الفاظ استعمال کرتے تھے جس کے تصور سے عقل و تہذیب لرزہ براندام ہے نبض شناس انسانیت حضرت امیر المومنین علیہ السلام نے اپنے شعر میں ان زخموں کو ناقابل اندمال فرمایا ہے ؎

جراحات السنان لہا التیام ولا یلتام ما جرح اللسان

Presented by www.ziaraat.com

نیزے کے زخم تو بھر جاتے ہیں لیکن زبان کے زخم کسی طرح نہیں بھرتے ۔

چھری کا تیر کا تلوار کا تو گھاؤ بھرا

لگا جو زخم زبان کا رہا ہمیشہ ہرا

چنانچہ صبح عاشور طبل جنگ سے پہلے جب خندق میں آگ شعلہ ور تھی تو خیام فلک احتشام کی طرف سے شمر لعین گزرا اور اس بد باطن اور خبیث نے کہا : یا حسین استعجلت النار فی الدنیا قبل یوم القیامۃ ۔ اے حسینؑ تم نے قیامت کے پہلے دنیا ہی میں دوزخ کی آگ مہیا کر لی

اس کے جواب میں حضرتؑ نے فرمایا ۔ اے بدبخت قیامت کی آگ کا تو ہی سزاوار ہے ۔

اس گستاخی پر مسلم بن عوسجہ کو جلال آگیا اور غصے میں بھرے ہوئے تیوروں سے امامؑ کے آگے سامنے عرض کیا کہ حکم ہو تو میں اس کی طرف ابھی تیر پھینکوں ۔ مگر رحم پرور امامؑ نے روکا اور فرمایا کہ لڑائی میں ہماری طرف سے پہل نہ ہونا چاہیے ۔ یہ وہ آئین حرب تھے جس پر صدر اسلام سے برابر عمل درآمد ہو رہا تھا بلکہ یہ قانون حضرت موسیٰ بن عمرانؑ کے زمانے سے نافذ ہوا ہے اور فرعون لعین کے جادوگروں کا منقولہ قرآن میں موجود ہے ۔ "قالوا یا موسیٰ اما ان تلقی و اما ان نکون نحن الملقین قال القوا پ ۹ ع ۴ ۔ انہوں نے کہا ۔ اے موسیٰؑ ! تو تمہیں اپنے منتر پھینکو یا ہم پھینکیں ۔ فرمایا ۔ تم ہی پھینکو ۔ اس کے معنی یہ ہیں کہ عصائے موسیٰ دفاعی حیثیت میں تھا ۔ اور وہی نظریہ سید الشہدا روحی فداہ کا بھی تھا کہ اپنے دشمن کی سخت کلامی ٹھنڈے دل سے سنی مگر جنگ میں ابتدا نہ کی ۔ غرض ان کلمات کا برداشت کرنا صاحبان غیرت کے لئے موت سے کم نہ تھا ۔ جب ہی زیارت میں ارشاد ہوا ہے "قتل اللہ من قتلک بالایدی

Presented by www.ziaraat.com

دالالسن۔ (مفاتیح الجنان طبع نجف اشرف ص۴۳۲) خدا اس شخص کو قتل کرے جس نے آپ کو ہاتھوں اور زبانوں سے قتل کیا "السن" اس اظہار حقیقت کے تحت میں وہ لٹریچر بھی داخل ہے جو حسینیت کو قتل کر رہا ہے اور یزیدیت جس سے فروغ حاصل کرتی ہے ہماری جانیں نثار ہوں معصومینؑ کے ان مختصر جملوں پر جن میں شہادت حسینؑ پر انتہائی فراست کے ساتھ مکمل تبصرہ فرما دیا یہ حضرات خود تو دشمنوں کے قید و بند میں تھے مگر دورِ آزادی میں زندگی بسر کرنے والے طبقے کے روبرو حکایات مصائب پیش کر کے سبکدوش ہو گئے اب ہمارا کام ہے کہ ہم حسینیت کو باقی رکھیں اور دوست نما دشمن کی سموئی ہوئی باتوں سے پناہ طلب کریں۔

لشکر مخالف کے پہلے حملے میں مسلم بن عوسجہؒ کی بہادری: ابو مخنف نے مقتل میں لکھا ہے کہ جب روز عاشور جنگ شروع ہوئی تو لشکر ابن سعدؑ کا داہنا حصہ جس کا افسر عمر بن حجاج زبیدیؑ تھا اس نے امام حسینؑ کے لشکر کے بائیں حصے پر حملہ کیا اور اس کے افسر زہیر بن قینؒ تھے اور فرات کی طرف سے یہ حملہ لشکر ابن سعدؑ نے کیا تھا اور مسلم بن عوسجہؒ بھی حضرت امام حسین علیہ السلام کے لشکر کے بائیں حصے میں تھے پس مسلم بن عوسجہؒ نے اس وقت ایسی تلوار کی اور معرکہ کیا کہ کسی نے کبھی ایسا معرکہ دیکھنا کیسا سنا بھی نہ تھا۔ (نور العین ترجمہ الیھاالعین ص ۱۷ ۱۳۵۵ھ چھاپ حیدر آباد دکن)

ابو مخنف کے یہ الفاظ جس قدر وزن رکھتے ہیں ان کو اہلِ عقل سمجھتے ہیں

روز عاشور مسلم بن عوسجہ کو کب اذن جہاد ملا: یہ سوال سیرت کا جزو اعظم ہے مناقب ابن شہر آشوب علیہ الرحمہ کے مطالعے سے واضح ہوتا ہے کہ آپ عمر ابن عبداللہ مذحجی کے بعد شہید ہوئے اور طبری مورخ نے تصریح

Presented by www.ziaraat.com

کی ہے کہ انصار حسینؑ میں وہ سب سے پہلے مقتول ہیں اس کی تائید میں بعض اہل قلم کا تحفۃ الزائر کی زیارت نماز دہم سے استدلال صحیح نہیں ہے اور میں جس نتیجہ پر پہنچا ہوں وہ یہ ہے کہ ابن شہر آشوب ہوں یا شیخ مفید یا مجلسی (علیہم الرحمہ) ان سب حضرات نے باستثناد ان مقامات کے جہاں کسی واقعہ کی تعیین کر دی ہے کہ اس کا فلاں وقت اور تاریخ سے تعلق ہے یا جہاں ان کی تحریروں میں "ثم بذ من لجدہ" کی لفظ موجود ہے۔ واقعات اور خصوصاً انصار کے یکے بعد دیگرے حالات یہ سمجھ کر نہیں لکھے ہیں کہ پڑھنے والے اس کو ایک تاریخ وار بیان مسلسل سمجھیں۔ اور جس کا ذکر پہلے آگیا ہے اس کو پہلا ناصر سمجھا جائے۔ ان حضرات کا حال یہ تھا کہ قلم اٹھاتے وقت صرف ضبط و احاطہ کے فرض سے ادا ہوتے ہیں۔ چنانچہ بحار جلد عاشر میں واقعہ کربلا کو دہرانا اور مکرر بیان اسی کے تحت میں ہے اور ارباب مقاتل نے ہر جگہ اجتہاد نہیں کئے ہیں اور نہ ان کو اس کی ضرورت تھی لہذا ہر شہید کے بارے میں یہ قطعی فیصلہ نہیں ہو سکتا کہ اس کی قربانی کا مخصوص وقت کب تھا اور عنوان بالا کے ذیل میں صرف یہ کہا جا سکتا ہے کہ نمازِ ظہر سے پہلے اور حبیب بن مظاہرؓ سے قبل ان کی شہادت واقع ہوئی۔

شہدائے کربلاؑ کی رخصت میں خصوصاً بنی ہاشم کو اذن جہاد ملنے کے محل پر ذاکرین کا یہ بیان بھی محتاج دلیل ہے کہ "اپنی قربانی میں وہ اصرار کرتے تھے اور امامؑ انکار فرماتے تھے"، جبکہ جہاد واجب تھا تو انکار ثابت ہونے پر صرف یہ تاویل ہو سکتی ہے کہ امامؑ اگر کسی کو روکتے تھے تو صرف اس لئے کہ ان کے علمِ امامت میں ابھی اس شخص کی قربانی کا وقت نہیں آیا تھا۔ وہ سلسلۂ شہادت کو منتظم رکھنے کے ذمہ دار تھے۔ وہ راز دار قدرت تھے

Presented by www.ziaraat.com

اور ان کے اختیارات سے ناممکن تھا کہ جن کی شہادت کے لمحات نہیں آئے ہیں ان کو اذن جہاد دے کر میدان میں قبل از وقت بھیج دیں۔ اور جس کی قربانی کا وقت آگیا ہے اس کو روک دیں۔ اذجاء اجلھم فلا یستاخرون ساعۃ ولا یستقدمون اس محل پر صوبہ کے عقیدت مند بزرگ مولوی فریدالدین صاحب جالگی کا بیان مجھے بہت پسند آیا موصوف نے ذکر شہادت کے سلسلے میں فرمایا ہے کہ جب کوئی ناصر امام گھوڑے سے گر کر شہید ہوتا تھا تو تمام ناصر خدمت امامؑ میں بیک وقت عرض کرتے تھے کہ اب ہم کو اذن جہاد دیجئے۔ امامؑ ان میں سے انتخاب کر کے کسی ایک کی استدعا قبول فرماتے تھے۔ اور وہ بخوشی مرنے جاتا تھا۔ لیکن یہ تسلیم کرنا پڑتا ہے کہ جس کی شہادت پہلے واقع ہوئی اس سے اس کی قربانی اور امتحان کا وزن گراں تھا جو بعد میں شہید ہوا۔

بوڑھے مجاہد کو اذن جہاد:۔ دوپہر ہونے ہی کو ہے اور آفتاب عالمتاب خط نصف النہار کے قریب پہنچنے والا ہے اور اپنے پورے جلال کے ساتھ چند بیکسوں کے چہرے دیکھتا ہوا بلند ہو رہا ہے۔ تمازت سے زمین کا کلیجہ پھٹک رہا ہے اور گرم ہوا کے جھونکے چہروں کو جھلس رہے ہیں حدت سے ہوا میں ایسا طوفان اور تلاطم پیدا ہو گیا ہے کہ بگولے اٹھ اٹھ کر آسمان سے باتیں کرتے ہیں انسان تو انسان وحش و طیر تک گرمی سے بچنے کے لئے آشیانوں میں چھپے بیٹھے ہیں چاروں طرف سوائے خشک علاقے اور ریگستان کے کچھ نظر نہیں آتا البتہ جانب غرب ایک صاف اور شفاف پانی کی نہر ہے جس کے ساحل پر کہیں کہیں خرمے کے درخت پہرہ دے رہے ہیں۔ اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ اپنے سائے کو پانی میں اس طرح غوط و

Presented by www.ziaraat.com

خوشی سے دیکھ رہے ہیں جیسے کوئی حسین آئینے میں منہ دیکھا کرے۔ اس دریا کا نام فرات ہے جس پر یزید بیت کا بے پناہ محاصرہ ہے اور سپہ سالار لشکر چتر زد لگائے ہوئے پانی پی رہا مگر غرق آل محمدؐ کے چند پیاسوں کی جنگ دیکھ رہا ہے۔ اور اس خونخوار کی جبیں پر پیاسوں کی صدائے العطش سننے پر بھی عرق ندامت کا پتہ نہیں صورت سے سنگدلی کے آثار اور کردار بد سے اپنے زمانے کا ابلیس معلوم ہوتا ہے۔ دفعتہً فخر آدمؑ و بنی آدم حسینؑ بن علیؑ کی سپاہ قلیل سے ایک بوڑھا مجاہد نکلتا ہے اس کے چہرے پر رات کے جاگنے اور حربی خدمات کی تھکن اور بھوک و پیاس کی شدت ہویدا ہے۔ مگر غضب کا ولولہ اور بلا کی امنگ ہے بے آب و دانہ راہوار کو پیری میں اس شان سے مہمیز کیا ہے کہ آن بان پر جوانوں کی نظریں اٹھتی ہیں گرمی سے عربی نژاد گھوڑے کی حالت ساز و سامان اور جہاں دیدہ سوار کا رعب و تجربہ دیکھ کر معلوم ہوتا ہے کہ راکب و مرکب تصویر وفا ہیں۔ اس مرد بزرگ کی چال ڈھال سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ وہی مسلم بن عوسجہؒ ہیں جو کوفے میں حضرت مسلم بن عقیلؑ کے معتمد ہونے کی حیثیت سے لوگوں کو نصرت امامؑ پر متحد کر رہے تھے۔ اور جنھوں نے شب عاشور اپنے عزائم کا اظہار کیا تھا۔ قدر شناس امامؑ نے اذن جہاد عطا فرمایا۔ مسلمؒ میدان میں آئے اور یہ رجز پڑھا۔

رجز

ان تسالوا عنی فانی ذو لبد	اگر مجھے پوچھتے ہو تو سچا لو میں ہوں بنی اسد
من فرع قوم فی ذری بنی اسد	کے قبیلے میں کا دبہادر جو شخص ہم پر خروج
فمن بغانا حاید عن الرشد	کرے وہ سیدھے راستے سے منحرف اور خدائے
وکافر بدین جبار صمد	جبار و بے نیاز کے دین کا منکر ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

فاضل ہرغانی نے مسلمؒ کے پورے قصیدے کا ذکر کیا ہے جو مدح امامؑ میں پڑھا مگر اس کا مقاتل میں ذکر نہیں ہے۔

جنگ :۔ ابومخنف کے بیان سے جس کا حوالہ ابصار العین میں ہے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ مسلمؒ پہلے ہی حملے میں رجز پڑھ کر شہید ہوئے مگر ابن طاؤس علیہ الرحمہ نے ان کے انفرادی خدمات کا تذکرہ کیا ہے اور ان کے ذمہ دارانہ الفاظ یہ ہیں :۔

"ثم خرج مسلم بن عوسجہ فبالغ فی قتال الاعداء وصبر علی اھوال البلاء"

پھر مسلم بن عوسجہؒ لشکر قلیل سے نکلے اور دشمنوں کے قتل میں مبالغہ فرمایا اور امتحان کی سختیوں پر صبر کیا[۱] لہوف

گھوڑے کو دوڑا کر میدان میں آئے اور بجلی کی طرح[۲] (یا) باد سموم بن کر دشمن پر حملہ کیا اور تنور حرب شعلہ ور ہوا۔ نامی پہلوان صف دشمن سے نکل کر مقابلے کو آئے اور مسلمؒ کے ہاتھ سے قتل ہونا شروع ہوئے۔ ان میں ایک پہلوان سامنے آیا جس[۳] کے ارادوں میں دریا کی طرح تلاطم تھا وعد کی طرح گرجتا ہوا حملہ ور ہوا مسلمؒ نے اس کے داہنے پہلو پر نیزے کا ایک ایسا وار کیا کہ جانب چپ کو توڑ کر سنان نکل گئی اور سپاہ قلیل میں صدائے تکبیر بلند ہوئی اور فوج شام میں خجالت کی لہر دوڑ گئی

---

۱ مخزن البکار ۲ ناسخ التواریخ ۳ روضۃ الشہدا۔

Presented by www.ziaraat.com

اسی طرح پچاس سپاہیوں[1] کو دوزخ میں پہنچایا یہ حیرت ناک بہادری دیکھ کر پورا لشکر اس بوڑھے مجاہد پر ٹوٹ پڑا اور اس یلغار میں بھی مسلم[رح] نے مزید چھ شخصوں کو قتل کیا۔ شمشیر زنی میں مشغول تھے، کہ عبداللہ ضبابی[2] اور عبداللہ بن خشکارہ بجلی[3] دو بدبختوں نے ایکا کرکے حملہ کیا اور میدان میں ان کے حملوں سے اس قدر گرد اڑی کہ کچھ دکھائی نہ دیتا تھا۔ جب غبار فرد ہوا تو معلوم ہوا کہ مسلم بن عوسجہ[رح] زخمی ہو کر زمین پر گر پڑے۔ گھوڑے سے گرتے گرتے امام[ع] کو پکارا اور کہا ادرکنی یا ابن رسول اللہ، اے فرزند رسول[ص] میری خبر لیجیے۔

فائدہ جلیلہ۔ مقتل سے خیام فلک احتشام تک اگر دشمنوں کا مجمع ہوتا تو ہر شہید کی آخری آواز اس سلسلے سے سامعہ امام[ع] تک پہنچ جاتا تعجب نہ تھا مظلومِ کربلا اپنے ناصروں کی صدا کیونکر سنتے تھے؟ اس سوال کے جواب میں مؤلف کے خیالِ ناقص میں دو صورتیں ہو سکتی ہیں یا حسینیت کے اس آخری جذبہ کو حمید وغیرہ ایسے واقعہ نگاروں نے بیان کیا یا ہوا کو حضرت سلیمان[ع] کی طرح خدا نے مسخر کیا تھا وہ مجروحین کی ان کانپتی ہوئی آواز کو پہنچاتی تھی اور امام[ع] درس مساوات دیتے ہوئے بلا استمداد ہر شہید کے بالین پر پہنچے تھے۔

آخری دیدار۔ ابھی امام[ع] تنہا نہیں ہوئے تھے کچھ اصحاب اور کل اقربا موجود ہیں۔ حبیب بن مظاہر[رح] سے نہ رہا گیا وہ بھی مظلومِ کربلا[ع] کے ساتھ ساتھ چلے۔ آقا نے کونین[ع] عقاب[4] کی طرح جلد جلد چلے۔ مسلم[رح] کو خاک و خون میں آغشتہ دیکھ کر فرمایا[5] رحمک اللہ یا مسلم فزت بالشہادت واذیت ما کان علیک۔ اے مسلم[رح] خدا تم پر اپنی رحمتِ کاملہ نازل کرے۔ تم شہادت کے

---

[1] مخزن البکاء[2] روضۃ الشہداء، مہیج الاحزان [3] مخزن البکاء [4] ترجمہ ابصار العین [5] مہیج الاحزان [6] ناسخ [7] مہیج الاحزان

Presented by www.ziaraat.com

درجہ پر کامیاب ہوئے اور تم نے اپنے فرائض کو ادا کیا۔ مسلمؒ نے کامیابی[۱] کا مژدہ سن کر آنکھ کھولی۔ اور چہرۂ امامت دیکھ کر مسکرائے۔

مرنے والے کے بالین پر تلاوت قرآن مستحب ہے شہدائے راہِ خدا جنگی مواقع میں اس آئین سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں مگر قدرشناس امامؑ نے صرف ایک آیت مناسب حال پڑھی[۲] فمنھم من قضی نحبہ ومنھم من ینتظر وما بدّلوا تبدیلا۔

امامؑ کا یہ فرمانا ان کے دستارِ فضل و شرف کی کلغی تھا حبیبؒ نے جو آخری گفتگو کی وہ مسلمؒ کی مزید عزت و وقار کی آئینہ دار ہے۔

حبیبؒ:- اے مسلمؒ تمہاری موت میرے لئے بڑی جانکاہ ہے اچھا تم کو بہشت کی بشارت ہو۔

مسلمؒ:- (انتہائی ضعف اور اضمحلال میں) خدا تم کو بھی بہشت نصیب کرے۔

حبیبؒ:- اے مسلمؒ اگر اس وقت میں تمہارے پیچھے پیچھے نہ آتا ہوتا (یعنی زندہ رہتا) تو کہتا کہ جو وصیت کرنا ہو وہ مجھ سے کہہ دو میں اسے پورا کروں گا۔

مسلمؒ:- (امامؑ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے) بس میری وصیت ان امامؑ کی نصرت و مدد کرنا ہے، ان پر جان فدا کرنا۔

حبیبؒ:- یقیناً ضرور (اپنی نصرت سے) تمہاری آنکھیں روشن کرونگا۔

مسلمؒ نے امام حسینؑ کی طرف آخری نظر کی اور عرض کی کہ اے

---

[۱] روضۃ الشہداء اے عز علی رمک یا مسلم البشو بالجنۃ[۲] لا نعلمک علینا منہ ﷺ

فرزند رسولؐ اب میں رخصت ہوتا ہوں اور آپ کے جد و پدر کو آپ کے پہنچنے کی بشارت دیتا ہوں۔[۱] یہ کہہ کر شہید راہ خدا کی آنکھیں بند ہو گئیں۔ اور مدت کے بعد ابدی راحت و آرام نصیب ہوا۔ امامؑ اپنے جان نثار کو کھو کر خیمے کی طرف چلے۔

شہادت کا دوست دشمن پر اثر:۔ مسلم بن عوسجہؓ کے جان بحق تسلیم ہونے کی خبر پھیلی اور ان کی بی بی نے مقتل میں آکر اے میرے سردار اے عوسجہ کے بیٹے کہہ کر لاشں پر بین[۱] شروع کئے۔ بیوہ کی گریہ وزاری سے بجائے اس کے کہ صدائے شیون سننے والوں کو کچھ ہمدردی ہوتی فوج شام میں خوشی منائی گئی۔ اس وقت شیث ابن ربعی کو جو شام ہی کے لشکر کا سپاہی تھا اس باطل نوازی پر غصہ آگیا اور کہا[۲] ”والے ہو تم پر تمہاری مائیں تم کو روئیں تم اپنے ہاتھوں سے اپنے نہیں قتل کرتے ہو اور دوں کی نگاہ میں ذلیل ہوتے ہو مسلم بن عوسجہؓ سے دیندار کے قتل پر خوش ہو بخدا میں نے خود خدمت اسلام میں اس شخص کے کارنامے دیکھے ہیں اور آذر بائیجان کی جنگ (۲۲ھ ہجری) میں میرا چشم دید واقعہ ہے کہ ابھی مسلمانوں کے لشکر کی پوری صف بندی بھی نہ ہونے پائی تھی کہ اس بہادر نے چھ آدمی فوج مشرکین کے قتل کر دیے ایسا آدمی تمہارے ہاتھ سے مارا جائے اور تم خوش ہو۔“

فوج یزیدؔ کی بربریت اور درندگی کا یہ ادنیٰ کرشمہ تھا کہ وہ اسلام کو اپنے ہاتھ سے مٹا رہے تھے اور زبان پر صدائے تکبیر تھی، خزانۂ شام کے سیم و زر کی طمع نے انسان کو حیوان بنا دیا تھا۔ اور مذہب کو رخصت کر دیا تھا۔

---

[۳] ۔ ناسخ التواریخ صفحہ ۲۶۵ [۱] ناسخ التواریخ بمبئی جلد ششم [۲] یہ گفتگو تاریخ طبری، جلاء العیون، ابصار العین وغیرہ میں موجود ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

شہادت مسلم بن عوسجہ رح پر ملک الشعراء کا منظوم تبصرہ

تدبیر الدولہ مدبر الملک منشی سید مظفر علی خاں بہادر جنگ المتخلص بہ اسیر المتوفی ۱۲۹۹ھ نے اپنے منظومے میں حسب ذیل فاضلانہ بحث فرمائی ہے

از آں پس مسلم ابن عوسجہ رح گرد	بہ افواج مخالف قصد ناورد
بزہد و طاعت و تقوی سرافراز	بہ اصحاب پیمبرؐ بود ممتاز
بعلم و فضل مشہور زمانہ	بزرگ قوم در رفعت یگانہ
امام دینؑ ز افراط الفت او	بسے مغموم شد در فرقت او
بصحرائے سعادت چون قلم زد	ز توصیف شہ مظلومؑ دم زد
گروہے را سوے دوزخ رواں کرد	قتال سخت آں تیر تریاں کرد
ز ضرب تیغ و زور دست و بازو	فگند آوازۂ جرأت بہر سو
چناں از برق تیغ آتش فشاں شد	کہ میداں پر ز لال کشتگاں شد
چناں مغرور فوج اہل شر شد	کہ تیغ او برائے او سپر شد
بہ لشکر بانگ ابن سعدؑ بر زد	ہزاراں طعنہ بر ہر بے جگر زد
کہ از تنہا ہزاراں می گریزند	ز شیرے تیرہ داراں می گریزند
ہجوم آورد فوج او دو بارہ	تنش شد از جراحت پارہ پارہ
بخاک افتاد آں بسمل تپاں شد	ز ہر رگ خون جسم او رواں شد
شہ دینؑ با حبیب ابن مظاہر رح	ببالینش رسید افسردہ خاطر
چو ابر رحمت رب اشک بارید	مہ تاباں بکوکب اشک بارید
بفرمود آفریں اے نیک انجام	ترا رحمت کند داور علامؑ

Presented by www.ziaraat.com

شهادت یافتی اے خاصِ داور — ادا کردی حقِ آلِ پیمبر[۲]
تو دل اوکرمی آیتسم ما ہم — بجنت شو کہ می آیتسم ما ہم
کجا باشد بدنیا پائیداری — جہان رہِ دور راہی ست جاری
حبیب ابن مظاہرؓ کرد گفتار — کہ بر من دیدن تو ہست دشوار
باین زخم و باین خاک و باین خون — باین حال و باین رنگِ دگرگون
مگر یابی جزائے جانفشانی — کہ دائم در فضائے خلد مانی
منم ہم پیرو تو اے مسافر — سفر در پیش دیر سر برگ حاضر
چہ گویم با تو ہنگام تباہی — وصیت کن مرا نوعے کہ خواہی
کشید از سینہ مسلمؓ آہ حسرت — بگفت اکنوں ہمیں سازم وصیت
کہ دست از دامن شہ برنداری — بپائے او نمائی جان نثاری
بگفت این حرف و شد در خلد جانباز — ز تن روح شریفش کرد پرواز
کنیز او ز دل شیون برآورد — بلب از نالہ شور محشر آورد
کہ اے آقائے من مقتول گشتی — بہ تیغ ظلم از دنیا گذشتی
شنید آواز او بن سعد خندید — شگفتہ مثل گل آن خار گردید
برآوردند غداران مقہور — خروشے از کمالِ شادی و سور
در آن مجلس کہ شیث از اشقیا بود — لعین ہر چند از اہلِ دغا بود
بگفت اے ولدے تیرہ بانِ غافل — بہ مرگ ہمچو صاحب رتبہ خوش دل
بزرگ قوم خاص درگہِ حق — گرفت از ذات او اسلام رونق
براہ دین و ایمان کارہا کرد — جہاد و جہد در راہِ خدا کرد
بود کافر بدل شک ہر کہ آرد — چہ حق ہا بر مسلمانان ندارد

Presented by www.ziaraat.com

بحال این مجاہد خندہا حیف
بروز حشر باشد حالکم کیف

صفحہ ۴۲، اکربلا نامہ منظوم طبع نو لکشور ۱۸۸۰ء عیسوی

یتیم مسلمؑ کی جنگ:۔ قبل اس کے کہ ہم اس بے پدر کی سرفروشی پر مفصل بحث کریں افسوس کے ساتھ لکھنے پر مجبور ہیں کہ مولف شہید انسانیت نے اپنی مایہ ناز کتاب میں اس شہید کے وجود سے انکار کیا ہے ان کی رائے ہے کہ چونکہ اس کا ماخذ تاریخ روضۃ الاحباب ہے جس سے صاحب ناسخ التواریخ نے اس واقعہ کو نقل کیا ہے حقیقت میں یہ پورا واقعہ جنادہ بن کعب خزرجی کے فرزند عمرو بن جنادہ کا ہے ایسے دھوکے ارباب مقاتل کو بہت ہوئے ہیں۔ تاریخی جستجو ان کا پردہ چاک کر دیتی ہے (شہدائے کربلا جلد اول صفحہ ۱۶)

ہم یہ تو مان سکتے ہیں کہ فرزند مسلم بچہ نہ تھا جوان تھا مگر یہ تسلیم کرنے کیلئے کسی طرح تیار نہیں کہ واقعہ کربلا میں وہ نہ تھا اس انکار سے مسلم بن عوسجہ رح کے کوفہ سے مع عیال روانہ ہونے کی اہمیت اور ان کی قربانی کا وزن میزان سے بے نام و نشان ہونے کی خصوصیت ختم ہوتی جاتی ہے اور اس اجتہاد کو تاریخی جستجو اس وقت سمجھا جاتا جب فرزند مسلمؑ[1] کی شہادت لکھنے میں مولف روضۃ الاحباب۔ یعنی حافظ عطاء اللہ بن فضل اللہ المعروف بہ جمال الدین محدث شیرازی دسویں صدی ہجری کے صاحبان قلم میں ہیں

---

[1] کتاب الصلوٰۃ مبحث انتظار امامؑ میں عبدالرحمٰن بن عوسجہ سے روایت اور محشی نے ان کو ثقہ قرار دیا ہے۔ ممکن ہے کہ وہ مسلم بن عوسجہ رح کے بھائی ہوں سنن ابی داؤد کتاب الصلوٰۃ جلد ا صفحہ ۸۰ طبع کراچی

Presented by www.ziaraat.com

اور فرزند مسلمؑ کی قربانی کے مصادر روضۃ الاحباب سے پہلے بھی پائے جاتے ہیں، لہٰذا واقعہ سے انکار تاریخی جستجو نہیں ہے بلکہ مسامحہ ہے جو مقتل ابو الائمہ وہ قدیم صحیفہ ہے جس کی تدوین نویں صدی ہجری سے پہلے ہوئی ہے اس کتاب میں یتیم مسلمؑ کی شہادت موجود ہے۔ علاوہ اس کے عہد جناب غفران مآب اعلیٰ اللہ مقامہ سے ہمارے اسلاف کا جو رویہ ہے وہ یہی ہے کہ جب تک اصول مذہب سے تصادم نہ ہو واقعاتِ کربلا کو اجتہادی حذف و اسقاط سے بچاؤ اجازات میں زبانی اور تحریراً ہم کو اس لائحہ عمل کی وصیت کی گئی تھی اور عہد بحرالعلوم مولانا علیؒ صاحب قبلہ طاب ثراہ میں اس مسلک کا بار بار اعلان بھی ہوا اور یہ وہ راہِ صواب تھی جس کو اکابر ملت نے فرمان "مَن بلغ" کی روشنی میں اختیار کیا ہے لہٰذا کوئی وجہ معلوم نہیں ہوتی کہ میں بزرگان دین کے خلاف کوئی جدید راہ اختیار کروں خصوصاً اس وقت جبکہ تاریخی لحاظ سے بھی اس رائے میں قوت نظر آتی ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ فرزند مسلم بن عوسجہؓ اور یتیم جنادہ بن کعبؓ کے ملتے جلتے حالات سے مولف شہدائے کربلا کو جو اشتباہ پیدا ہوا ہے وہ یوں دور ہو سکتا ہے کہ ہر دو ایتام میں ایک کو بچہ اور دوسرے کو نوجوان سمجھ لیا جائے اور یہی فرق درمیان میں کافی ہے۔ سپہر کاشانی اس مجاہد کے حال میں لکھتے ہیں در کتاب روضۃ الاحباب مسطور است کہ مسلم را پسرے جوان بود چوں پدر را کشتہ دید مانند شیرے شرزہ بردید۔

۲؎ اس حدیث کی طرف اشارہ ہے جس میں معصومؑ نے فرمایا من بلغہ ثواب علی عمل ففعلہ التماس ذالک الثواب اوتیہ وان لم یکن کما بلغہ۔

Presented by www.ziaraat.com

حسین علیہ السلام او را از آہنگ خویش باز داشت و فرمود اے جوان پدرت شہید شد و اگر تو نیز کشتہ شوی مادرت دریں بیابان قفر درمیان کدام کس گریزد پسر مسلم خواست طریق مراجعت سپارد مادرش شتاب زدہ بروے گرفت و گفت اے فرزند سلامت نفس را بر نصرت پسر پیغمبرؐ اختیار می کنی ہرگز از تو رضا نخواہم شد پسر مسلم عنان برتافت و حملہ گران افگند و مادر از قفایش فریاد ہمی کرد کہ اے پسر شاد باش کہ ہم اکنوں از دست ساقیٔ کوثر سیراب خواہی شد و او مردانہ ہمی کوشید تا پس از قتل سی تن از مشرکان شربت شہادت نوشید کوفیان سر او را بریدہ بسوئے مادرش افگندند مادر سر را بر داشت و ببوسید و چناں بگریست کہ ہمگاں بگریستند (ناسخ التواریخ جلد ۶ ص ۲۶۶ چاپ بمبئی)

ترجمہ: مسلمؓ کے ایک جوان فرزند تھا اس نے جب باپ کو قتل ہوتے دیکھا تو شیر کی طرح جھپٹ کر میدان کا رخ کیا، امامؑ نے چاہا کہ اس کو دلی ارادے سے روک دیں اور فرمایا اے جوان تیرا باپ شہید ہوا اگر تو بھی قتل ہو گیا تو اس جنگل میں تیری ماں کیا کرے گی۔ پسر مسلم نے چاہا کہ پلٹ جائے۔ ماں نے دوڑ کر راہ میں ٹوکا اور کہا اے بیٹا اگر فرزند پیغمبرؐ کی نصرت سے جان بچائی تو میں تجھ سے ہرگز راضی نہ ہوں گی۔ پسر مسلم نے باگ اٹھا کر میدان کی راہ لی اور دشمن پر حملہ کیا۔ حالت یہ تھی کہ بیٹا لڑ رہا تھا اور پیچھے پیچھے یہ کہہ کر ماں دل بڑھا رہی تھی کہ اے فرزند خوش ہو کہ عنقریب ساقیٔ کوثر کے ہاتھ سے سیراب ہو گا۔ ماں کی رضا کا احساس کر کے وہ اور زیادہ جوش سے حملہ کرتا تھا یہاں تک کہ ۳۰ دشمنوں کو قتل کر کے خود کام آ گیا اور کوفیوں نے سر کاٹ کر ماں کی طرف پھینکا اور ضعیف ماں نے کٹا ہوا سر اٹھا کر بوسہ لیا اور اس درد سے روئی

Presented by www.ziaraat.com

کر دیکھنے والے رو دیے۔

سپہر کاشانی کا یہ بیان نور روضۃ الصفا سے ماخوذ ہے اب رہا اس سے پہلے کا ثبوت وہ درج ذیل ہے۔ اگرچہ ہر دو عبارت میں تغیر لیسیر ہے لیکن اس کا درج کرنا بھی خالی از فائدہ نہیں حسین ابن علی واعظ کاشفی بیہقی سبزواری المتوفی سنہ ۹۱۰ ہجری رقمطراز ہیں۔ نورالائمہ آوردہ کہ پسر مسلم بن عوسجہ بعد از قتل پدر گریہ کناں روئے میدان آورد کہ شاہزادہ حسینؑ فرمود اے جوان باز گرد کہ پدرت کشتہ شد اگر تو ہم قتل رسی مادرت ضائع ماند پسر خواست کہ برگردد مادرت فریاد کناں گفت اے پسر اگر ازیں حرب سر کردی شیرے کہ از پستان من خوردہ ترا حلال نہ گردانم وہرگز از تو خوشنود نشوم پسر روئے بمعرکہ آورد مادرش از عقب در رسید وادرا بر جان فدا کردن دل میداد و می گفت اے جان مادر از تشنگی نہ ترسی کہ ہمیں ساعت از دست ساقی کوثر سیراب خواہی شد جوان مردانہ وار بحرب در آمد ہشت تن را سر ساخت آخر از پلئے در افتاد سرش بریدہ پیش مادرش انداختند آں دل سوختہ مر پسر بر داشتہ آفرین گویان دو می نگریست وزاری می کرد و ہر کہ ان حال مشاہدہ می نمود زار زار می گریست۔

روضۃ الاحباب کی عبارت اور نورالائمہ کے اقتباس میں تھوڑا ہی فرق ہے مثلاً یتیم مسلم جب میدان پہنچا تو آبدیدہ تھا۔ باپ کے مرنے کا اولاد پر بھی اثر ہو سکتا ہے کہ وہ اشکبار ہو۔ بیوۂ مسلم نے امامؑ کو مانع دیکھ کر یہ کہا کہ اگر اس نے جان قربان نہ کی تو میں دودھ نہ بخشوں گی ماسٹی جوان بخت وجوان سال کے ہاتھ سے ۸ شخص قتل ہوئے اس اختلاف سے واضح ہوتا ہے کہ جمال الدین شیرازی کا ماخذ روضۃ الشہدا نہیں ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

(نوٹ) ملا حسین یزدی علیہ الرحمہ نے بھی فرزند مسلم کا حال نور الائمہ میں نقل کیا ہے، ان کی تحریر میں یہ اضافہ ہے کہ اس کا سن بارہ سال کا تھا اور امامؑ کے روکنے پر اس نے جوش جنگ میں جواب دیا تھا۔ ان امی قد البستنی لباس الحرب و قلدتنی بالسیف ص ۶۵ انوار الشہادۃ۔ میری ماں نے مجھے لڑائی کی پوشاک پہنا کر اور تلوار حمائل کر کے بھیجا ہے

بیوہ عورت کا جذبۂ محبت:۔ مسلم بن عوسجہؓ کے وقتِ قتل تک تو فوجِ دشمن کا یہ حال تھا کہ بیوہ کے بین پر مظاہرۂ مسرت ہوا۔ لیکن جب بیٹے کی لاش پر ماں کی حیثیت سے بین کیے تو دشمن رو دیئے۔ یہ گریہ غالباً شیث بن ربعی کے انتباہ کی وجہ سے تھا۔ آخر کہاں تک حق پست ہوتا ہے۔ صداقت کبھی سامنے آ ہی گئی۔ اور دشمن سنگ دل سہی مگر مظلومیت کا اثر ہو کر رہے گا درحقیقت بیوۂ مسلم کی یہ قربانی بہت زیادہ عظمت رکھتی ہے۔ جو وقت ایک بیوہ کے لئے رونے کا تھا وہ اس مومنہ نے اپنے فرزند کو آلات حرب سے آراستہ کرنے میں صرف کیا اور جب اس کے خزانے میں اولاد کی دولت بھی نہ رہی اس وقت اپنے فرض کو ادا سمجھی۔ انصار کی عورتوں کے بارے میں کچھ نہیں کہا جا سکتا کہ ان کی اسیری قید خانہ شام تک باقی رہی یا ابن زیادلعین کا حکم حاصل کرنے پر ان کو رہا کر دیا گیا۔ راہِ شام کے حال میں صرف ایک نقل "۲۰ ناقوں کا ہونا" ہمارے سامنے ہے جس سے شبہ ہوتا ہے کہ اسیری میں پورا قافلہ ساتھ تھا۔ حرم رسولؐ کی یہ تعداد نہیں کہ ۲۰ ناقوں پر سوار ہوں ایک ناقے پر کئی کئی خواتین سوار ہوتی ہیں۔ اور مقتضائے وفا بھی یہ ہے کہ متعلقینِ حسینؑ میں پسماندگان مکمل ساتھ دیں۔ واقعات کا فقدان ہے اور نہیں کہا جا سکتا کہ بیوۂ مسلم کی تقسیم یا نذر ہونے کے بعد کیونکر بسر ہوئی لیکن عقل کا فیصلہ ہے کہ جس کے سر سے شوہر کا سایہ اٹھ جائے اور جو

Presented by www.ziaraat.com

اولاد کو بھی قربان کر دے وہ بے نام و نشان ہو کر اپنی عمر کاٹ سکتی ہے۔

غم مسلمؑ میں عربی شاعر کا مرثیہ:۔ کمیت دربار صادقؑ کے مرثیہ گو تھے اور امام جعفر صادقؑ اور امام محمد باقرؑ نے ان کے اشعار پر اصلاح دی تھی انھوں نے شہدائے کربلاؑ کے مرثیے میں مسلم بن عوسجہؓ کا تذکرہ کنیت کے ساتھ ان لفظوں میں کیا ہے:۔

وان ابا حجل قتیل محجل یعنی ابو حجل مسلم بن عوسجہؓ بھی مقتول تھے جو زمین کربلا پر غلطاں پڑے تھے۔

نصرت امامؑ کا بہترین پھل:۔ انصار کی سرفروشی اور ان کے حُسنِ عمل کی جزا قبل سے پہلے ہی ان حضرات کے سامنے آچکی تھی اور جب حسینؑ سردار جوانان جنت نے اس پُرخلوص مجمع کو اپنے اعجاز سے نماز ظہر کے بعد نظروں سے بہشت دکھا بھی دیا تھا یہ سوال باقی نہیں رہتا کہ انصار امام کے بہشت میں کیا حقوق تھے لیکن جب حبیب بن مظاہرؓ ایسے فقیہہ کا امام وقت کے سامنے مسلمؓ کو بشارت بہشت دینا ثابت کرتا ہے کہ ان کی منزل اصحاب رسولؐ سے بلند تھی پیغمبر خداؐ جب اپنے صحابی خاص عثمان بن مظعونؓ کے جنازے سے گزر رہے تھے تو ایک عورت نے پکار کر کہا اے ابوصائب بہشت مبارک ہو، پیغمبرؐ نے فرمایا کہ کیونکر معلوم ہوا وہ اہل بہشت ہیں۔ تجھے چاہیئے کہ صرف اتنا کہے کہ وہ خدا اور رسول کو دوست رکھتے ہیں (حیات القلوب جلد دوم باب پنجاہ و ششم ص۷۶ نولکشور)

عثمان بن مظعونؓ یقیناً اہل بہشت سے مگر ان کے بالین پر ان کے بہشتی کہنے کی اجازت رسولؐ کی طرف سے نہ تھی صرف اس لیے کہ عوام صحابیت کو نتیجہ بہشت نہ سمجھ لیں اور فرزند رسولؐ حبیب بن مظاہرؓ کی زبانی مسلمؓ کو بشارت جنت پر

Presented by www.ziaraat.com

رافضی رہتے ہیں یہ مسلم کی وہ صفت ہے جو صحابی رسول میں نہیں تھی

مسلم کی مرنے کے بعد بیاپمبری مرنے کے بعد انسان کس عالم میں ہوتا ہے۔ اس کو حضرت امیرالمومنین علیہ السلام کے خطبہ برزخیہ نے واضح کیا ہے۔ ہمسایہ تو ہیں لیکن ایک دوسرے سے کچھ بھی محبت نہ رہی اور آپس میں دوست تو ہیں مگر کسی کی ملاقات کو جا نہیں سکتے۔ محبت کا رشتہ بوسیدہ ہو کر ٹوٹنے کے قریب ہے اور سب سبب دوستی اور بھائی چارے کے کٹ گئے۔

میت مجبور ہے لیکن شہدائے راہ خدا اب بھی آزاد ہیں اور سرکار حسینی میں وعدہ کرتے ہیں کہ میں آپ کے بہشت میں پہنچنے کی اطلاع رسول خدا کو کرتا ہوں۔ یہ خصوصیت سردار زنان عالم جناب معصومہ صلوات اللہ و سلامہ اللہ علیہا میں تھی کہ انہوں نے بعد وفات ان ظلموں کی رسول سے شکایت کا وعدہ کیا جو امت کے ہاتھ سے پہنچے تھے۔ جیسا کہ حضرت امیر کے اس کلام میں جو وقت دفن جناب فاطمہ پیغمبر سے خطاب کرکے فرمایا تھا" آپ کی امانت حاضر ہے اور وہ یادگار آپ کی عنقریب آپ کو امت کے مظالم سے خبر دے گی۔

عمر شریف:۔ گزشتہ صفحات میں کئی جگہ مسلم بن عوسجہ کے سن و سال کا تذکرہ ہو چکا ہے اور ہم دیانت کے ساتھ اہل تحقیق کے اقوال درج

علہ جیران لایتا نسون واحباء لایتزاورون بلیت بلینھم عری التعارف وانقطعت منھم اسباب الاخاء علہ لقد استرجعت الودیعۃ واخذت الرھینۃ وستنبئک ابنتک بتضافر امتک علی ھضمھا" نہج البلاغہ

Presented by www.ziaraat.com

کرتے رہے حتی کہ عنان سخن یہاں تک پہنچی اور اب واقعات پر گہری نظریں ڈالنے کے بعد یہی واضح ہوتا ہے کہ وہ مرد پیر بننے اور مؤلف آئینہ تصوف کی تحریر اور سنہ ہجری کی ولادت قابل نظر ہے۔ اس سنہ ہجری کو صحیح سمجھا جائے تو وہ حضرت سید الشہداء سے بڑی عمر کے ٹھہرتے ہیں اور جناب امیر المومنین علیہ السلام کا ان کو بھائی کہنا محاورۂ عرب کے خلاف ہو گا جو بیٹے سے بھی کم سن ہو اس کو باپ اپنا بھائی نہیں کہے گا بلکہ "بیٹا" سمجھے گا۔ واللہ العلیم بحقیقۃ الحال۔

امام عصرؑ کی زبان سے مسلم بن عوسجہ کی یاد زیارت ہفتہ وددوتین رجبیں کو علماء شیعہ بلا اختلاف ہر عہد میں نقل کرتے چلے آئے ہیں اس میں ہے

السَلام علی مسلم بن عوسجۃ الاسدی القائل للحسین وقد اذن لہ فی الانصراف انحن نخلی عنک وبم نعتذر عند اللہ من اداء حقک لا واللہ حتی اکسر فی صدورھم رمحی ھذا واضربھم بسیفی ما ثبت قائمہ فی یدی ولا افارقک ولو لم یکن معی سلاح اقاتلھم بہ لقذفتھم بالحجارۃ ولم افارقک حتی اموت معک وکنت اول من شری نفسہ واول شہید من شہداء اللہ وقضی نحبہ ففزت ورب الکعبۃ شکر اللہ استقدامک ومواساتک امامک اذ مشی الیک وانت صریع فقال یرحمک یا مسلم بن عوسجۃ وقرء فمنھم من قضی نحبہ ومنھم من ینتظر وما بدلوا تبدیلا لعن اللہ المشترکین فی قتلک عبد اللہ الضبابی وعبد اللہ بن خشکارۃ البجلی مسلم بن عبد اللہ الضبابی۔ ناسخ التواریخ ص۳۱۳۔ سلام ہو مسلم بن عوسجہ اسدی پر جنھوں نے خدمت حسینؑ میں جبکہ ان حضرتؑ نے ساتھ چھوڑ دینے کے لیے کہا تھا "عرض کیا ہم آپ کو چھوڑ دیں تو پلٹیں خدا کیا جواب دیں گے اور آپ کے حق کی ادائیگی کیونکر ہوگی نہیں نہیں قسم بخدا میں اپنے اس نیزے کو ان کے سینے میں

Presented by www.ziaraat.com

توڑ دوں گا اور اپنی تلوار سے اس وقت تک معرکہ کرتا رہوں گا جب تک قبضۂ شمشیر میرے ہاتھ میں ہے اور آپ سے جدا نہ ہوں گا اور اگر میرے جسم پر ہتھیار نہ رہیں گے جن کی مدد سے جنگ کروں تو ان دشمنوں پر پتھر پھینکوں گا اور مرتے مرتے آپ کو نہ چھوڑوں گا اور ساتھ ہی آپ کے دم نکلے گا آپ سب سے پہلے شہید تھے شہید راہ خدا میں جس نے اپنی جان نثار کی خدائے کعبہ کی قسم آپ کامیاب ہوئے خداوند عالم آپ کے اقدام اور مواسات کی ثنا کرتا ہے آپ کا امامؑ جب آپ کی (نعش کی) طرف چلا اور آپ زمین پر پڑے تھے پس فرمایا اے مسلم بن عوسجہؓ خدا آپ پر رحمت نازل کرے اور (اس آیت کی) تلاوت کی اُن میں ایک وہ ہے جو زندگی کے دن پورے کر چکا اور ایک وہ ہے جو موت کے انتظار میں مصروف ہے اور انہوں نے اپنے عزائم نہیں بدلے۔ خدا لعنت کرے ان لوگوں (عبداللہ ضبابی اور عبداللہ بن خشکارہ بجلی اور مسلم بن عبداللہ ضبابی) پر جو آپ کے قتل کرنے میں شریک تھے۔

حضرت علی اکبرؑ اور مسلم بن عوسجہؓ کی مشترکہ صفت یہ وہی زیارت ہے جس میں شہدائے بنی ہاشم کے سلسلے میں حضرت علی اکبرؑ کو پہلا شہید کہا گیا اور معاصرین کو اشتباہ ہوا ہے کہ علی اکبرؑ سب سے پہلے شہید ہوئے۔ ہم نہ حضرت علی اکبرؑ کی اولیت کے قائل ہیں اور نہ مسلم بن عوسجہؓ کو اصحاب میں پہلا شہید مانتے ہیں اور نہ اس کے پابند ہیں کہ جو سلسلہ زیارت میں منقول ہے وہی سلسلۂ شہداء ہے اگر ایسا ہوتا تو اس زیارت میں سب کے آخر میں عمرو بن عبداللہ جندعیؒ کا نام نہ ہوتا رفقا کی آخری فرد جس کے بعد بنی ہاشم کی شہادتیں شروع ہوتی ہیں۔ عمرو بن عبداللہؒ نہ تھے۔ کوئی ایک مقتل بھی اس کی تائید نہیں کرتا۔ لہٰذا زیارت ناحیہ کی فہرست کو سلسلے وار سمجھنا صحیح نہیں ہے حضرت علی اکبرؑ اور مسلم بن عوسجہؓ کو زیارت نے جو

Presented by www.ziaraat.com

اولیت کا امتیاز دیا ہے اس کے معنی یہ ہیں کہ شہزادہ علی اکبرؑ اپنے عنوان شہادت و مرکز مصائب ہونے کے لحاظ سے پہلے شخص ہیں جو اس بے دردی سے قتل ہوئے

کیا مسلم بن عوسجہ سپاہ قتیل کے پہلے شہید ہیں

اس کا مطلب یہ ہے کہ تمام شہدا بنی ہاشم و غیر بنی ہاشم میں صرف حضرت علی اکبرؑ کا جسم ٹکڑے ٹکڑے کر دیا گیا تھا اور جو خصوصیت ان کے لئے مقاتل میں وارد ہے وہ کسی شہید کے لئے نہیں ہے لہٰذا ہو سکتا ہے کہ ان کے عنوانِ قتل نے کہلوایا۔ السلام علیک یا اوّل قتیل من نسل ابراہیم الخلیل۔ اور مسلم بن عوسجہ کو ممکن ہے پہلا قتیل اس لئے کہا گیا ہو کہ واقعہ کربلا میں مسلمؓ پہلے شخص ہیں جن سے فخر کائنات حضرت علی بن ابی طالبؑ نے اپنے عہد میں اخوت کی تھی۔ شہزادہ علی اکبرؑ عنوان قتل میں سابق اور مسلم بن عوسجہؓ خصوصیات ذاتی میں سابق نیز یہ کہ بنی ہاشم میں علی اکبرؑ کے پہلے کوئی شہید نہیں ہوا اور مسلمؓ سے قبل رفقا میں کوئی کام نہ آیا ہو۔ اس تاویل کے شاہد فریقین کے وہ روایات ہیں جس میں جناب امیر المومنین علیہ السلام کو پیغمبر خدا صلعم نے فرمایا "انت اول من امن بی"۔ تم پہلے شخص ہو جو مجھ پر ایمان لائے اس اولیت نے جناب خدیجہ الکبریٰؓ کی سابقہ کو ختم نہیں کر دیا بلکہ حضرت علیؑ کی اولیت خدیجہؓ کے بعد طبقۂ رجال میں ہے اور خدیجہؓ کی اولیت اپنی جگہ صحیح ہے۔

تعلیمات:۔ سیرت مسلم بن عوسجہؓ کے تعلیمات قابل ملاحظہ ہیں (۱) حفظِ قرآن میں سعی کرنا ایک مسلمان کا عمدہ ترین مقصد ہونا چاہیے اور وہ کلام خدا یاد کر کے ذمہ دار اشخاص اہل علم کو سنا بھی دے (۲) تمام اہل ایمان آپس

ؔ فقطعوہ باسیافہم اربا اربا

Presented by www.ziaraat.com

میں بھائی بھائی ہیں اور عمومی رشتہ کو صیغۂ اخوت پڑھ کر باضابطہ کر دینا بھی ایک مسلمان کے لئے فرو گذاشت کیا ہے۔ (۳) انسان میں قوتِ عمل ایسی ہونا چاہیئے کہ بڑھاپے کا عذر نہ کیا اور ضعف پیری میں نصرت کی مسلم حسین ؑ کے صحابی تھے۔ صحابی رسول ؐ انس ؓ اور زید بن ارقم ؓ کی طرح نہ تھے۔ جو سہو و نسیان اور ضعف پیری کا حدیث غدیر کی شہادت میں عذر کرتے (۴) ان کی تدبیر منزل میں تدر جمیل تھی کہ زوجہ کو لیے ہوئے آئے اور اس کے ارادوں میں سدِّ راہ نہ ہوئے۔ (۵) امتحان میں عیالدار ہونے کے بعد سختی بڑھ جاتی ہے اور عورتوں کو سفر میں ساتھ رکھنے سے نہ ڈرے (۶) آذربائیجان کی جنگی مدد میں اپنی نصرت سے نام و نمود نہ چاہا اور اسلام کو اس طرح مدد پہنچائی جیسی وقت پڑنے پر حضرت امیرؑ حکام جور کو علمی مدد پہنچاتے تھے (۷) حاکم جور کے معزول کرنے پر صبر کیا اور شکایت نہ کی (۸) ہو سکتا تھا کہ اولاد کے لیے وصیت کرتے مگر وصیت میں بھی نصرت امامؑ کا جذبہ نمایاں کیا (۹) عیال کو خدا پر چھوڑا اور اس کے مستقبل کے خیال میں نہیں الجھے (۱۰) مرتے وقت محبت حسین ؑ کے سوا دل میں اولاد و عیال کی محبت بھی نہ تھی (۱۱) مسلم ؒ قاری قرآن تھے تو ان کا آخری قول و فعل قرآن پر عمل ہوا (۱۲) بغیر وصیت ان کی روح جسم سے جدا نہیں ہوئی اور شارع علیہ السلام کے آخری حکم کو بھی پورا کیا۔

وصیت میں مسلم ؒ کا عمل بالقرآن:۔ مرنے والے کے لئے وصیت اس کا آخری کام ہے جس کے بعد وہ دُنیا چھوڑ دیتا ہے۔ احادیث میں وصیت کی تاکید ہے اور قرآن حکیم نے سورہ عصر میں کامیاب انسانوں کا یہ معیار مقرر کیا ہے "والعصرہ ان الانسان لفی خسرہ الا الذین آمنوا وعملوا الصٰلحٰت

۱؎ ارجح المطالب از ابن مردویہ صفحہ ۶۶ و صفحہ ۶۶ باب ۲ بحث غدیر

Presented by www.ziaraat.com

وتواصوا بالحق وتواصوا بالصبر قسم ہے وقت عصر کی بیشک انسان خسارہ میں ہیں مگر وہ لوگ جو ایمان لائے اور جنھوں نے اچھے کام کئے اور باہم حق کے ساتھ وصیت کی اور صبر کے ساتھ بھی آپس میں وصیت کی مسلم بن عوسجہؓ کا نصرت حسینؑ کے لئے وصیت کرنا اس آیت کی بہترین تعمیل ہے وہ اگر اپنی اولاد کے لئے وصیت کرتے تو توکل کے خلاف تھا۔ اس وصیت کی دوسری تائید آیہ قرآن تعاونوا علی البرّ والتقوی سے ہوتی ہے۔ جہاد بہترین نیکی اور پرہیزگاری ہے جس کی مسلم وصیت کر رہے ہیں۔ اب حبیب بن مظاہرؓ پر جہاد کا بار دو طرح پڑتا ہے ایک تو کربلا کا جہاد واجب ہی تھا دوسرے وصیت قبول کرنے پر وجوب کا تعلق ہوا۔ مجموعہ ورام میں یہ حکایت لکھی ہے کہ ایک زاہد عالم احتضار میں تھا لوگوں نے اس سے کہا الا توصی بابنتک وعیالک تم کچھ وصیت اپنے بی بی بچوں کے لئے نہیں کرتے فقال انی لاستحیی من اللہ ان اوصی الی غیرہ اس زاہد نے جواب دیا کہ میں حیا کرتا ہوں۔ اس بات سے مجھے شرم آتی ہے کہ سوائے خدا کے اور کسی سے اپنے فرزند و عیال کے بارے میں وصیت کروں مسلم بن عوسجہؒ کی وصیت ان کے امام کے بارے میں تھی اور اس کو دنیا سے کوئی تعلق نہ تھا۔

مسلم بن عوسجہؓ شہدائے بدر و احد کے قدم بقدم تھے ۔ گذشتہ بیان میں کہ امام حسینؑ نے مسلمؒ کے سرہانے پہنچ کر ایک قرآنی آیت با کمال حزن و اندوہ تلاوت فرمائی وہ آیۂ مبارکہ یہ ہے۔

من المؤمنین رجال صدقوا ما عاھدوا اللہ علیہ فمنھم من قضی نحبہ ومنھم من ینتظر وما بدّلوا تبدیلا ۲ سورہ احزاب ع ۹۔

ایمانداروں میں سے کچھ لوگ ایسے بھی ہیں کہ خدا سے انھوں نے جو عہد کیا تھا اسے

Presented by www.ziaraat.com

پورا کر دکھایا بعض وہ ہیں جو اپنا وقت پورا کر گئے اور ان میں بعض حکم خدا کے منتظر بیٹھے ہیں اور ان لوگوں نے اپنی بات ذرا بھی نہیں بدلی۔

مظلومِ کربلاؑ سے بہتر علوم قرآن کا ماہر کون ہو سکتا تھا۔ مدینۂ علم کی آغوش لعاب دہن نبویؐ سے جس کی تربیت ہوئی وہ اپنے اطمینان قلب کا مظاہرہ کر رہا ہے اور وہ آیت پڑھی جاتی ہے جس میں صدر کلام حضرت حمزہؓ اور عبیدہؓ کا ذکر اور آخر میں حضرت علیؑ بن ابی طالبؑ کا تذکرہ ہے اس آیہ کریمہ کی تفسیر جناب امیرالمومنین علیہ السلام سے منبر کوفہ پر ؒ دریافت کی گئی آپ نے فرمایا یہ آیت میرے اور میرے چچا حمزہؓ اور میرے چچا زاد بھائی عبیدہؓ پسر حارث فرزند عبدالمطلبؑ کی شان میں نازل ہوئی ہے۔ فاما عبیدہ فقضی نحبہ شہیدا یوم بدر و حمزۃ قضی نحبہ شہیدا یوم احد واما انا فانتظر اشقاھا یخضب ھذا من ھذہ (روائح القرآن) ص ۲۷۔

عبیدہؓ جنگ بدر میں شہید ہوئے اور حمزہؓ احد کے دن شہید ہوئے اب رہا میں تو شقی ترین مردم کا انتظار کر رہا ہوں۔ جس کے ہاتھ سے یہ ریش سفید اس (سر کے خون) سے رنگ جائے گی۔

آیت سے حمزہؓ اور عبیدہؓ کی مدح ثابت ہوتی ہے کہ وہ[1] نصرت اور سرفروشی کی منزل پر رجل (مرد) تھے[2] اور خدا نے ان سے اپنی راہ میں شہادت کا جو عہد لیا تھا اس کو سچ کر دکھایا اور[3] پیغمبر خداؐ کے ساتھ جنگ میں ثابت قدم رہے۔ یہاں تک کہ موت کی نیند سو گئے۔ اور آخر میں شہادت کا انتظار کرنے والا ان سے مرتبہ میں بڑھا ہوا ہے۔

---

[1] فصول مہمہ وصواعق محرقہ

Presented by www.ziaraat.com

سیدالشہدا روحی فداہ کے اس عمل سے واضح ہوتا ہے کہ وہ اپنے
اصحاب باوفا کو شہداء بدر و احد کے دوش بدوش سمجھتے تھے۔ ؏

باب المراثی

مرزا فصیح علیہ الرحمہ المتوفی ۱۱۳۰ھ

اکاسی خیر وقت کربلا میں کام آئے ہیں — زیارت میں امام عصرؑ انکے نام لائے ہیں
حبیب بن مظاہرؒ مسلم بن عوسجہؒ جندب — سعیدؒ و سعد و حجاج ابن زیدؒ و مالک و قعنب

میر انیس المتوفی ۱۲۹۱ھ

میدان میں مسلمؑ پسر عوسجہ آیا — تلوار جو کھینچی تو ہزاروں کو بھگایا
جس دم وہ گرا شہؑ نے بڑا رنج اٹھایا — چھاتی سے کئی مرتبہ زخمی کو لگایا
لاشے سے گلے مل کے جدا ہوتے تھے شبیرؑ
عورات میں غل ہوتا تھا جب روتے تھے شبیرؑ

میر مونس المتوفی ۱۲۹۲ھ

مسعود کی وہ سج وہ بن عوسجہ کی شان
آنکھیں لگی تھیں در سے کہ نکلے کاکب نشان

؏ مرقومہ بالا آیت حسب ذیل کتب فریقین میں ان آیات میں پائی جاتی ہیں جو شان اہل بیت میں نازل ہوتی ہیں ملاحظہ ہو (۱) الغالی صفحہ ۳۶ (۲) صواعق محرقہ صفحہ ۹ (۳) ینابیع المودة صفحہ ۹۶ (۴) تذکرہ خواص الامہ سبط ابن جوزی (۵) مناقب اخطب خوارزم صفحہ ۱۸۸ طبع عراق المتوفی ۵۶۸ھ (۶) مناقب المرتضیٰ شاہ علی حیدر قلندر کاکوروی صفحہ ۱۳ (۷) ارجح المطالب صفحہ ۵

Presented by www.ziaraat.com

عشق المتوفی ۱۳۰۳ھ

تھے ابن عوسجہؓ جو رفیقِ شہِ ہدیٰؑ
بولے وہ آ کے جوش میں رو رو کے مصطفےٰ
معشوقِ سبز رنگ سے اس دشت کی گیا
ڈرتے نہیں بلا سے جنھیں حق کی ہے ولا
بستر ابھی سے ہو گئے جنت کے باغ میں
ہے نکہتِ عروسِ شہادت دماغ میں

تعشق

تھے کہا یکایک کے لاشوں سے ایک بار
آ اے حبیب ابن مظاہرؓ وفا شعار
اے ابن عوسجہؓ ہے اکیلا یہ دل فگار
وہب لو تمام و سعد خجستہ کار
کچھ تو جواب دو خلفِ بوتراب کو
کیوں اے ہلال تم نے بھی چھوڑا رکاب کو

فراست زید پوری

تلمیذ حضرت اوج مرحوم

یہ مسلم ابن عوسجہؓ ایسے تھے باوقار
علم و عمل پہ ابن علیؑ کو تھا افتخار
تھا عالمانِ مذہب اسلام میں شمار
تعلیم سے علیؑ کی بڑھا بلکہ اقتدار
بھائی جناب شیر خداؑ ان کو کہتے تھے
اس رشتے سے حسینؑ چچا انکو کہتے تھے

عزیز لکھنوی

یہ سن یہ ابن عوسجہؓ کی ہمتِ عالی
وہ دبدبہ وہ شان وہ آثارِ جلالی

Presented by www.ziaraat.com

سالک مسلک اوج و دبیر جناب خبیر لکھنوی

کیا مسلم ابن عوسجہؓ کی آن بان تھی — تیور بتا رہے تھے کہ ہمت جوان تھی
بھائی بنایا نفسِ نبیؐ نے یہ شان تھی — دل محوِ حق تھا صرفِ تلاوت زبان تھی

آل جناب محمدؐ صادق کے ساتھ تھے
قرآن تھا حفظ مصحف ناطق کے ساتھ تھے

از مولوی سید ظفر حسین عرف وزن صاحب ظفر الرضوی

نبیرۂ جناب مفتی صاحب قبلہ

حافظ قرآن صاحب مسلم ابن عوسجہؒ — حامی دین نبیؐ شہدائے آل مصطفےٰ[1]
اے ظفر حامل تھے مسلمؒ بے شمار اوصاف کے — متقی و عالم و عابد شہید نینوا

---

[1] اس کتاب میں آداب تلاوت قرآن کے سلسلے میں جن آیات کا تذکرہ ہوا ہے اس کی طرف ممدوح نے توجہ دلائی ہے اجرہم علی اللہ

Presented by www.ziaraat.com

ان کتابوں کی فہرست جو اس کتاب کا ماخذ ہیں۔

نمبر شمار	نام کتاب	فن	نام مؤلف	زبان	مذہب مؤلف	سن وفات مؤلف	سن طبع کتاب
۱	آئینۂ تصوف	تصوف	شاہ محمد حسن صابری چشتی	اردو	صوفی	—	۱۳۱۱ھ
۲	ابصار العین	مقتل	شیخ محمد طاہر سماوی	عربی	شیعہ	—	۱۳۴۱ھ
۳	انوار الشہادت	وعظ	ملا حسن یزدی	فارسی	شیعہ	۱۲۸۷ھ تک زندہ تھے	—
۴	تاریخ الامم والملوک	تاریخ	ابوجریر طبری	فارسی	اہل سنت	۳۱۰ھ	—
۵	تاریخ الکامل	تاریخ	ابوالحسن علی بن اثیر جذری	فارسی	اہل سنت	۶۳۰ھ	—
۶	تنقیح المقال	رجال	شیخ عبداللہ ماغانی	عربی	شیعہ	—	طبع نجف ۱۳۵۲ھ
۷	جلاء العیون	تاریخ	علامہ محمد باقر مجلسی	فارسی	شیعہ	۱۱۱۱ھ	—
۸	حیات القلوب جلد ۲	تاریخ	علامہ محمد باقر مجلسی	فارسی	شیعہ	۱۱۱۱ھ	—
۹	خصال	حدیث	ابن بابویہ قمی	عربی	شیعہ	۳۸۱ھ	—
۱۰	روضۃ الشہداء	تاریخ	ملا حسین واعظ کاشفی	فارسی	اہل سنت	۹۱۰ھ	—
۱۱	ریاض السالکین	وعظ	علی صدر الدین مدنی	عربی	شیعہ	—	—
۱۲	روائح القرآن	کلام	مفتی سید محمد عباس شوستری	عربی	شیعہ	۱۳۰۶ھ	—
۱۳	عیون اخبار رضا	حدیث	ابن بابویہ قمی	عربی	شیعہ	۳۸۱ھ	—
۱۴	غرر الحکم	ادب	عبدالواحد بن محمد بن عبدالواحد زیدی تمیمی	عربی	شیعہ	—	بمبئی ۱۲۸۶ھ
۱۵	الفاروق	تاریخ	شبلی نعمانی	اردو	اہل سنت	۱۳۳۲ھ	—

Presented by www.ziaraat.com

نمبر شمار	نام کتاب	فن	نام مؤلف	زبان	مذہب مؤلف	سن وفات مؤلف	سنہ طبع کتاب
۱۶	فتوحات بہنسا	تاریخ	شیخ محمد بن محمد معمر مصری	عربی	اہل سنت	—	بمبئی ۱۲۸۶ھ
۱۷	لہوف	مقتل	علامہ سید علی بن طاؤس رح	عربی	شیعہ	۶۶۴ھ	—
۱۸	مجمع البحرین	لغت	فخر الدین بن طریح نجفی	عربی	شیعہ	۱۰۸۵ھ	—
۱۹	مخزن البکاء فی مصیبۃ سید الشہداء	مقتل	حاج ملا صالح برغانی	فارسی	شیعہ	—	۱۳۰۲ھ طبع ایران
۲۰	مفاتیح الجنان	دعا	عباس بن محمد رضا قمی	فارسی	شیعہ	۱۳۵۹ھ	—
۲۱	مقتل ابی مخنف	مقتل	لوط بن یحییٰ ازدی	عربی	—	۱۵۷ھ	—
۲۲	مجموعہ ورام	وعظ	ورام بن ابی فراس	عربی	شیعہ	حدود ۶۰۰ھ	—
۲۳	ناسخ التواریخ جلد ۶	تاریخ	مرزا محمد تقی سپہر کاشانی	فارسی	شیعہ	—	۱۳۰۹ھ طبع بمبئی
۲۴	نہج البلاغہ	ادب	علامہ سید رضی علیہ الرحمہ (جامع)	عربی	شیعہ	۴۵۶ھ	—
۲۵	بحر المصائب	وعظ	مولوی امداد علی کیرانوی	اردو	شیعہ	۱۲۹۰ھ	—
۲۶	البلد الامین	دعا	شیخ ابراہیم کفعمی	عربی	شیعہ	۹۵۰ھ	—
۲۷	کربلا نامہ	مثنوی	منشی اسیر مرحوم	فارسی	شیعہ	۱۲۹۹ھ	—

سبیلِ سکینہ
حیدرآباد لطیف آباد، یونٹ نمبر ۸ـ C۹

Presented by www.ziaraat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا صاحب العصر و الزمان ؑ المدد

تم خدا کی بڑا نیک کام کرتے ہیں
غمِ حسینؑ کا جو اہتمام کرتے ہیں

نام کتاب

حسینؑ حسینؑ

مرتبہ و مؤلفہ

محمد وصی خاں

شخصیت امام عالیمقام پر حیرت انگیز معلوماتی تحقیقی بے مثال۔ مضامین کا نایاب مجموعہ جس کو پہلی بار اس کتاب میں یکجا کیا گیا ہے، ہزاروں سال کی محنت! ہزاروں سال کا نچوڑ اور ہزاروں روپیہ کی کتابوں سے حاصل کیا ہوا مواد

ناشر

رحمت اللہ بک ایجنسی

بالمقابل بڑا امام بارگاہ کھارادر کراچی ۷۴۰۰۰

فون 2431577

Presented by www.ziaraat.com

تاریخ کی مناسبت سے سلسلہ وار مجالس
سوز، سلام اور مرثیوں کی بیاض

بیاض تسکین زینب سلام اللہ علیہا

مرتبہ: محمد وصی خان

رباعی، سوز، سلام اور مرثیوں سے ترتیب دی ہوئی تاریخ کی
مناسبت سے کامیاب مجالس کا مجموعہ جسے پہلی بار چھاپا گیا ہے۔

ہندوستان و پاکستان کے نامور سوز خوان
حضرات کے بستوں کا نچوڑ
سوگوار بہنوں کے لئے نایاب تحفہ

ناشر: رحمت اللہ بک ایجنسی
بالمقابل بڑا امام بارگاہ، کھارادر، کراچی ۷۴۰۰۰۔ فون ۲۴۳۱۵۷۷

Presented by www.ziaraat.com